لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | پیر 21 ستمبر 2026ء 1448ھ 8 ربیع الثانی 7 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 239

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com



206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے ○ (سورۃ البقرہ)

ہماری ذمہ داری ہے کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئیگا وزیر اطلاعات

سڑکوں کی بندش، آمدورفت میں خلل کے حوالے سے ہائیکورٹ کے واضح احکامات ہیں

جماعت اسلامی کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں، قانون سب کے لئے یکساں ہے، فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے شکایات بھی آرہی ہیں، جو شکایات آرہی ہیں، انہیں حل کیا جارہا ہے

پٹرولیم ریلیف سکیم ٹارگٹڈ سبسڈی ہے، تقریباً اڑھائی کروڑ موٹر سائیکلیں پاکستان میں رجسٹرڈ ہیں جو اس سکیم سے مستفید ہوں گے، عطاء اللہ تارڑ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ سڑکوں کی بندش، عوام کی آمدورفت میں خلل کے حوالے سے اسلام آباد ہائی کورٹ کے واضح احکامات ہیں، ہماری ذمہ داری ہے، کوئی پرتشدد جتھہ اسلام آباد نہیں آئے گا، جماعت اسلامی کے ساتھ ہمارا رابطہ ہے، جماعت اسلامی کے پرامن اور سمجھدار لوگ ہیں، قانون سب کے لئے یکساں ہے، فیول ریلیف سکیم کے حوالے سے شکایات بھی آرہی ہیں، جو شکایات آرہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

وزیر داخلہ محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے گھر آمد کے موقع پر اہلخانہ سے ملاقات کرتے ہوئے

سکیورٹی فورسز کی قلات کے قریب کارروائی 5 دہشتگرد ہلاک 23 مغوی بازیاب

دہشت گردوں نے اغوا، بھتہ خوری اور گاڑیاں چھیننے کیلئے چیک پوسٹ قائم کر رکھی تھی: آئی ایس پی آر

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سکیورٹی فورسز نے قلات کے قریب کارروائی میں 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق قلات کے قریب این 25 پر دہشتگردوں کی عوامی آمدورفت میں خلل ڈالنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی، سکیورٹی فورسز نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 5 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا، ہلاک دہشتگردوں کے ٹھکانے سے 23 مغوی بحفاظت بازیاب کروا لیے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دہشت گردوں کے ٹھکانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

پولیس نے بانی پی ٹی آئی کی بہن علیمہ خان کو حراست میں لے کر جیل منتقل کیا

کسی قسم کا تصادم یا تشدد نہیں چاہتے، علیمہ خان کو گرفتار کرنا تشدد، کشیدگی کو ہوا دینے کے مترادف ہے، بیرسٹر گوہر

لاہور (کورٹ رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان کو لاہور سے 3 ایم پی او کے تحت حراست میں لے لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق علیمہ خان کو نقص امن کے خدشے کے باعث تھری ایم پی او کے تحت لاہور لٹن روڈ پولیس نے حراست میں لیا۔ ذرائع کا کہنا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

صدرِ مملکت اور وزیر اعظم کا قلات میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقے قلات میں دہشت گردوں کی جانب سے پاکستان ہائی وے پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت کیلئے اسحاق ڈار نیویارک چلے گئے، 21 سے 25 ستمبر تک وزیر اعظم کے ہمراہ ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی انٹرنیشنل آٹو شو کی تقریب کرتے ہوئے

پاکستان نے پرخلوص انداز میں تنازعات کے خاتمے، کشیدگی میں کمی اور عالمی امن کے فروغ کے لئے کاوشیں کی ہیں، شہباز شریف کا عالمی یوم امن پر پیغام

وزیر اعظم

امن کی مضبوطی کا انحصار اجتماعی شعور اور انفرادی فہم پر ہوتا ہے

جامعات میں شہری ذمہ داری، رواداری اور تنوع کے احترام کو تقویت دینا سماجی امن کا ضامن ہے، بلا امتیاز اور بلا تفریق رنگ ونسل مساویانہ معاشرتی رویہ ہی پائیدار امن کا ضامن ہے یہ رویہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر نفرت، تشدد، تعصب جیسے منفی جذبات کے سدباب سے ہی قائم کیا جاسکتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی برادری کیساتھ مل کر پرامن بقائے باہمی، عالمی استحکام وسلامتی، ترقی وخوشحالی کے مساوی مواقعوں کی فراہمی اور عدل وانصاف جیسی تعمیری روایات سے اپنی وابستگی کا تجدید عزم کرتا ہے۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ علاقائی اور بین الاقوامی امن کے فروغ میں پاکستان کا حالیہ تعمیری کردار قوم کیلئے باعث اعزاز ہے، پاکستان نے پرخلوص انداز میں تنازعات کے خاتمے، کشیدگی میں کمی اور عالمی امن کے فروغ کے لئے کاوشیں کی ہیں، اقوام متحدہ کے زیر نگرانی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

ریاستی مفادات کا تحفظ کرینگے، عوام کیلئے تیل سستا کرنا میری ذمہ داری ہے، علی پرویز ملک

عالمی تیل منڈیوں میں بھونچال آیا ہوا ہے، کشیدگی کے باعث عالمی سطح پر قیمتوں، سپلائی پر اثر پڑ رہا ہے، وزیر پیٹرولیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے کہا کہ ریاست کے مفادات کے تحفظ کے لیے جو کچھ کرنا پڑا کریں گے، عوام کے لیے تیل سستا کرنا میری ذمہ داری ہے، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

فرنٹیئر کور کا بروقت اقدام، این 40- شاہراہ کا پل بحال

ایف سی بلوچستان نے افرادی قوت اور مشینری کے ذریعے دہشتگردی سے متاثرہ رابطہ پل فوری بحال کیا

مستونگ (مانیٹرنگ ڈیسک) فرنٹیئر کور نے مستونگ کے قریب بیچ پائی میں فتنہ الہندوستان کے خوارج کی جانب سے تباہ کیے گئے این 40- شاہراہ کے پل کی فوری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

صاف ستھرا پنجاب صحت مند اور خوشحال مستقبل کی بنیاد ہے

مریم نواز

سے بڑا پراجیکٹ ہے پہلی مرتبہ شہروں کے ساتھ ساتھ 25 ہزار گاؤں کی صفائی کا منظم پروگرام شروع کیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

گلی محلوں کی صفائی کرانا حکومت کی ذمہ داری ہے، مگر صفائی برقرار رکھنا شہریوں کا فرض ہے، ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت پائیدار اور ماحول دوست اقدامات کیے جا رہے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ صفائی ہر مسلمان کے لیے نصف ایمان کا درجہ رکھتی ہے، جبکہ صاف ستھرا پنجاب صحت مند اور خوشحال مستقبل کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور مارچ کی کال، اسلام آباد کے وفاقی اسپتالوں میں ہائی الرٹ

ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکس، معاون عملہ کو دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیاسی جماعتوں کے احتجاج اور مارچ کی کال پر وفاقی دارالحکومت کے ہسپتالوں میں ہائی الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: وزیر مملکت بلال بن ثاقب سے یو ایس چارج کے ناٹیلہ بیکر ملاقات کرتے ہوئے

احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو یومیہ 120 ارب کا نقصان ہوگا، وفاقی وزیر خزانہ

مارچ اور ہڑتالوں سے معاشی ترقی کا سفر رک سکتا، موجودہ حالات میں مارچ اور دھرنے سمجھ سے بالاتر ہیں، معاشی سرگرمیوں میں تعطل سے اربوں روپے کا نقصان ہوسکتا ہے

بدقسمتی سے مشرق وسطی کی صورتحال کا اثر پڑ رہا ہے، سپلائی چین میں خلل، فریٹ اور انشورنس اخراجات میں اضافہ عالمی تجارت کو متاثر کر رہا ہے، اخراجات میں کمی لائی جارہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اب معاشی استحکام سے معاشی ترقی کی جانب سفر کر رہا ہے، ایسے میں احتجاج اور دھرنوں سے معیشت کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے گھر آمد، اہلخانہ سے تعزیت

شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں، والد کے خیالات، عظیم والد کے حوصلے پر پوری قوم کو ناز ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی شہید کیپٹن حمزہ اکرم کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں انہوں نے شہید کے والد اور بھائی سے ملاقات کی اور دلی ہمدردی وتعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی بھی کی، انہوں نے شہید کے والد کے بلند حوصلے اور جذبے کو سراہا۔ شہید کیپٹن حمزہ اکرم کے والد نے کہا کہ میرا بیٹا حمزہ پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

28 ویں آئی ٹی سی این ایشیا 2026، پاکستان کے آئی ٹی شعبے میں جدیدیت اور سرمایہ کاری کا نیا باب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں ٹیکنالوجی کا شعبہ اب نہ صرف جدت کی علامت بلکہ سرمایہ کاری اور کاروباری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی: امیر الحرا ایڈمرل نوید اشرف پاک بحریہ کی یونٹس اور کریکس ایریا کا دورہ کرتے ہوئے

اڈیالہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ، مختلف ٹیسٹ کیے گئے، بانی پی ٹی کے بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا، جیل ذرائع

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کا طبی معائنہ کیا گیا۔ جیل ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل آنے والی خصوصی میڈیکل ٹیم عمران خان کا طبی معائنہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

آزاد جموں وکشمیر، گلگت بلتستان کے سات اہم مقامات پر فائیو جی کی آزمائشی سروسز فعال

بیس سائٹس رواں سال کے اختتام تک فعال کر دی جائیں گی، جس کے بعد فعال سائٹس کی مجموعی تعداد ستائیس ہو جائے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیشل کمیونیکیشنز آرگنائزیشن نے آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے سات اہم مقامات پر فائیو جی کی آزمائشی سروسز فعال کر دی ہیں۔ مزید بیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

محسن نقوی کا دورہ تہران صرف دوطرفہ تعلقات پر مرکوز ہوگا، ایرانی وزارت خارجہ

جنگ کے خاتمے کیلئے جاری ثالثی کی کوششوں سے متعلق کسی مخصوص امریکی پیغام کے تبادلے سے آگاہ نہیں

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستانی وزیر داخلہ محسن نقوی کا دورہ تہران صرف دوطرفہ تعلقات پر مرکوز ہوگا۔ اپنے بیان میں ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ پاکستانی وزیر داخلہ کے دورے کے دوران جنگ کے خاتمے کیلئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

کراچی: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن کینٹ ریلوے اسٹیشن پر کارکنوں سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی دارالحکومت کی صورتحال، پمز اور پولی کلینک میں ہائی الرٹ، عملے کی چھٹیاں منسوخ، پمز ہسپتال میں ہائی الرٹ 30 ستمبر تک جاری رہے گا، نوٹیفکیشن جاری، پولی کلینک میں بھی ہائی الرٹ جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے وفاقی ہسپتالوں نے تیاریاں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

پاکستان کو عالمی سرمایہ کاری کا مرکز بنانے کا مشن، قیصر احمد شیخ 21 تا 24 ستمبر ورلڈ اکنامک فورم کے اعلیٰ سطحی اجلاس میں شریک ہونگے

اسلام آباد/نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نیویارک میں ورلڈ اکنامک فورم کے زیر اہتمام 21 تا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

حکومت کا آج سے بجلی کی خرید وفروخت سے دستبرداری کا اعلان

حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہو رہی ہے، کسی کو حق نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، اویس لغاری

اس نظام کا اطلاق سب سے پہلے صنعتی یا بڑے صارفین پر ہوگا، نظام کو مزید شفاف بنانے سے صارفین کو کم قیمت بجلی میسر آسکے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ حکومت بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہو رہی ہے، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

وزارت توانائی پاور ڈویژن نے شعبہ جاتی سطح پر ڈیٹا گورننس فریم ورک متعارف کرا دیا

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان کے بجلی کے شعبے میں 4 کروڑ سے زائد صارفین کے لیے ڈیٹا کا معتبر اور مربوط استعمال یقینی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

بلال بن ثاقب کی امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر سے ملاقات، پاکستان کے ڈیجیٹل اثاثوں کے جدید ریگولیٹری نظام پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت وچیئرمین پیوارا بلال بن ثاقب نیا امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر سے ملاقات کی جس میں پاکستان کے ڈیجیٹل اثاثوں کے جدید ریگولیٹری نظام پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

بھارت اور طالبان رجیم کا گھناؤنا چہرہ، بے نقاب

طالبان نے ہیبت اللہ اخوندزادہ کی ہدایات پر دہشتگرد گروہوں کے روابط قائم کیے

کابل (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارت اور طالبان رجیم کا گھناؤنا چہرہ، بھارتی خفیہ ایجنسی را اور طالبان کا دہشتگرد پراکسی نیٹ ورک انٹیلی جنس رپورٹ کے ذریعے بے نقاب ہوگیا ہے۔ خفیہ تحقیقاتی رپورٹ میں دہشتگرد کارروائیوں کیلئے بھارتی خفیہ ایجنسی را، افغان انٹیلی جنس اور طالبان رجیم کے درمیان رابطے کا انکشاف ہوا ہے، افغان انٹرنیشنل نے خفیہ تحقیقاتی رپورٹ کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

عالمی یوم امن، 21 ستمبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جارہا ہے، صدر مملکت

دیرپا امن مذاکرات، سفارت کاری، بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ منشور کی پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے

پرامن ذرائع سے منصفانہ اور پائیدار حل کو فروغ دے کر اپنی ذمہ داری پوری کرے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ منشور کی پاسداری، بین الاقوامی قانون کے احترام اور تنازعات کے پرامن ذرائع سے منصفانہ اور پائیدار حل کو فروغ دے کر اپنی ذمہ داری پوری کرے۔ پائیدار امن صرف مذاکرات، سفارت کاری، انصاف اور بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مکمل پاسداری کے ذریعے ہی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

اسلام آباد: وفاقی وزیر سرمایہ کاری قیصر احمد شیخ نیویارک میں ورلڈ اکنامک فورم سے خطاب کرتے ہوئے

پاکستان مشکل حالات میں اپنی دفاعی صلاحیت دنیا پر ثابت کی

سپیکر پنجاب اسمبلی

معاشی استحکام، مہنگائی میں کمی اور سماجی نظم کی بہتری قومی ترجیحات ہونی چاہئیں، ملک محمد احمد خاں

پاکستان کو موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اپنی دفاعی صلاحیت کے ساتھ معاشی استحکام، مہنگائی میں کمی، سماجی نظم اور ترقی کے اہداف پر بھی یکساں توجہ دینا ہوگی

لاہور (راجہ کوکب سے) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں نے کہا ہے کہ پاکستان کو موجودہ چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اپنی دفاعی صلاحیت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

وزیر اعلیٰ کا چمن کراچی ہائی وے پر دہشتگردوں کیخلاف کامیاب کارروائی پر اظہار تشکر

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے قلات کے قریب چمن کراچی ہائی وے پر دہشتگردوں کے خلاف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

وزیر ریلوے کا قلات میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے قلات میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

نیول چیف کا سی اسپارک 2026 مشق کا جائزہ

مشق سی اسپارک میں ملٹی ڈومین آپریشنز اور بغیر پائلٹ نظاموں کا وسیع پیمانے پر استعمال شامل ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے سمندر میں موجود یونٹس اور کریکس ایریا کا دورہ کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق سربراہ پاک بحریہ نے ساحلی پٹی اور کھلے سمندر میں جاری مشق سی اسپارک 2026 کی تیاریوں کا جائزہ لیا، مشق میں حصہ لینے والے اہلکاروں سے ملاقات بھی کی۔ یکم ستمبر سے جاری سی اسپارک 2026 میں بحری آپریشنز کے تمام پہلوں کی مشق کی جارہی ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

پاکستان یکم اور دو اکتوبر کو گلوبل مینٹل ہیلتھ سمٹ 2026 کی میزبانی کریگا

دو روزہ سمٹ میں وفاقی وصوبائی حکومتوں اور پارلیمنٹرینز کے نمائندے شرکت کریں گے، ترجمان

وزیر مملکت صحت ڈاکٹر مختار بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس میں مینٹل ہیلتھ کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ لیا لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان یکم اور دو اکتوبر کو گلوبل مینٹل ہیلتھ سمٹ 2026 کی میزبانی کرے گا۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق گلوبل مینٹل ہیلتھ سمٹ عالمی یوم ذہنی صحت 2026 کے سلسلے میں منعقد ہوگا، سمٹ میں قومی وعالمی ماہرین، پالیسی ساز اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز شرکت کریں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ دو روزہ سمٹ میں وفاقی وصوبائی حکومتوں اور پارلیمنٹرینز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

وفاقی وزیر برائے توانائی کی قیادت میں ملک کی پہلی وہیلنگ نیلامی کے لیے آر ایف پی جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی قیادت میں بجلی کے شعبے کو سنگل بائر ماڈل سے بتدریج مسابقتی تھوک بجلی منڈی کی جانب منتقل کرنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

آٹو موٹو انڈسٹری گاڑیوں کی پیداوار سے کہیں بڑھ کر ملکی معیشت میں کردار ادا کر رہی ہے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ ایک مضبوط آٹو موٹو انڈسٹری صرف گاڑیوں کی تیاری تک محدود نہیں ہوتی بلکہ روزگار کے مواقع، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

وزارت توانائی پاور ڈویژن نے شعبہ جاتی سطح پر ڈیٹا گورننس فریم ورک متعارف کرا دیا

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان کے بجلی کے شعبے میں 4 کروڑ سے زائد صارفین کے لیے ڈیٹا کا معتبر اور مربوط استعمال یقینی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

سوارب ڈالر ایکسپورٹس ہدف کے حصول کیلئے حکومت، صنعت، اکیڈمیا کو مشترکہ حکمت عملی اپنانی ہوگی، احسن اقبال

حکومت کی معاشی پالیسیوں کا محور پیداواری شعبے کو مضبوط بنانا، صنعتی استعداد میں اضافہ اور برآمدات کو فروغ دینا ہے

آٹو انڈسٹری کا پاکستان کی صنعتی ترقی میں اہم کردار، جدید ٹیکنالوجی، تحقیق، جدت، ویلیو ایڈیشن کو فروغ دینا ہوگا، وفاقی وزیر

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ برآمدات پر مبنی معیشت کا فروغ اولین ترجیح ہے، وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے ویژن کے تحت 2035 تک 100 ارب ڈالر کی برآمدات کا ہدف حاصل کرنے کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

سردار ایاز صادق کا صدر پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان ایم بی سومرو کے ماموں کے انتقال پر اظہار تعزیت

اس مشکل گھڑی میں وہ ایم بی سومرو اور ان کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (عباس ملک سے) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے صدر پارلیمانی رپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان ایم بی سومرو کے ماموں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی پیغام میں اسپیکر سردار ایاز صادق نے ایم بی سومرو سے ان کے ماموں کے انتقال پر دلی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

وزیر مملکت بلال اظہر کیانی کا جہلم میں پٹرول پمپس کا دورہ

دورے کے دوران کھلی کچہری میں عوامی مسائل کے حل کے لیے احکامات دیئے

عوام سے بات چیت کر کے خوشی اور اطمینان حاصل ہوا ہے کہ ریلیف کی عوام کو فراہمی کا عمل بتدریج تیز ہو رہا ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے جہلم میں پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی عوام کو سستے پٹرول کی فراہمی کے جاری عمل کا مشاہدہ کیا جبکہ 6 گھنٹے سے زائد کھلی کچہری میں عوام کی شکایات سن کر موقع پر مسائل کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان گجرات چیمبر آف کامرس کے نومنتخب عہدیداران کی حلف برداری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

تھانہ بڈیانہ پولیس کی کارروائی ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث پتلو گینگ کے سرغنہ سمیت 3 ڈاکو گرفتار

تھانہ بڈیانہ پولیس کی کارروائی ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث پتلو گینگ کے سرغنہ سمیت 3 ڈاکو گرفتار

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) تھانہ بڈیانہ پولیس کی کارروائی ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث پتلو گینگ کے سرغنہ سمیت 3 ڈاکوؤں گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ موٹر سائیکلیں، نقدی، موبائل فونز اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا ہے۔ ترجمان سیالکوٹ کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں کی روک تھام کے لیے جاری بھرپور کارروائیوں کے دوران ڈی ایس پی پسرور سرکل کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ بڈیانہ سب انسپکٹر محمد عرفان نے جدید ٹیکنالوجی اور مؤثر حکمتِ عملی کے ذریعے کامیاب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

سردار زین خان بھٹی کی سالگرہ کی پروقار تقریب، سیاسی، سماجی، وکلا اور صحافتی شخصیات کی بھرپور شرکت

حجرہ شاہ مقیم (چوہدری غلام رسول سے) سردار زین خان بھٹی، سرپرست رینالہ NSF، کی سالگرہ کے سلسلے میں فوڈ گارڈن رینالہ میں ایک نہایت پروقار اور خوش گوار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں سیاسی، سماجی، وکلا اور صحافتی حلقوں سے وابستہ ممتاز شخصیات، معززینِ شہر اور دوست احباب نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران شرکاء نے سردار زین خان بھٹی کو سالگرہ کی دلی مبارک باد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رینالہ بار کے موجودہ جنرل سیکرٹری راؤ عمران ایڈووکیٹ، سابق صدر رانا احتشام ایڈووکیٹ، سابق جنرل سیکرٹری حمید احمد زمان ایڈووکیٹ، میاں غلام مجتبیٰ کمیانہ، سابق جنرل سیکرٹری نعیم اجمل خان بیدار ایڈووکیٹ سمیت (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو سروسز	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہوم ڈیلیوری	99212111
موٹروے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مینٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایت	99202881
ایڈیشنل کمشنر	111-000-118
سول لائنز شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
ٹالمیڈ بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

کروڑوں روپے کی لاگت سے تیار کیا جانے والا چشتیاں شہر کا نیا سیوریج منصوبہ چند سال میں ہی ناکارہ ہوگیا

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں ڈسپوزل پمپ ہاؤس کی موٹریں عرصہ دراز سے خراب، کروڑوں روپے کی لاگت سے تیار کیا جانے والا چشتیاں شہر کا نیا سیوریج منصوبہ چند سال میں ہی ناکارہ ہوگیا چشتیاں شہر میں نکاسی آب اور سیوریج گٹر لائنوں کی صفائی کا بحران سنگین صورتحال اختیار کر گیا شہر میں نکاسی آب گٹروں سیوریج لائنوں اور صفائی کے نظام کی بدحالی نے چشتیاں کے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ شہری حلقوں نے الزام عائد کیا ہے کہ میونسپل افسران کی مبینہ غفلت اور عدم توجہی کے باعث ڈسپوزل پر قائم پمپ ہاؤس کی متعدد موٹریں عرصہ دراز سے غیر فعال ہیں، جس کے باعث شہر کے تمام علاقوں میں سیوریج نکاسی آب کا نظام شدید متاثر ہو رہا ہے اور چشتیاں کے عوام آئے روز سیوریج نکاسی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

ستھرا پنجاب ایجنسی کے تحت تعطیل کے روز بھی تحصیل بھر کے مختلف علاقوں میں صفائی آپریشن جاری

ستھرا پنجاب ایجنسی کے تحت تعطیل کے روز بھی تحصیل بھر کے مختلف علاقوں میں صفائی آپریشن جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت وزیر بلدیات پنجاب ڈیشان رفیق کے احکامات کی روشنی میں تعطیل کے روز بھی تحصیل اوکاڑہ کے شہری و دیہی علاقوں میں صفائی آپریشن تسلسل کے ساتھ جاری رہا ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی مشترکہ ہدایت پر ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا کی زیر قیادت جبکہ سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر اور تحصیل مینیجر نعمان راشد کی زیر نگرانی ستھرا پنجاب ایجنسی کی ٹیمیں مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کے امور انجام دیتی رہیں تعطیل کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

شہزادہ پھاٹک کے قریب تیز رفتار بس کی رکشہ کو ٹکر، رکشہ ڈرائیور جانبحق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شہزادہ پھاٹک کے قریب تیز رفتار بس کی رکشہ کو ٹکر، رکشہ ڈرائیور جانبحق، نعش ہسپتال منتقل۔ تفصیلات کے مطابق پسرور کے نواحی علاقہ شہزادہ پھاٹک کے قریب تیز رفتار بس نے رکشہ کو ٹکر مار دی جس کے نتیجہ میں رکشہ ڈرائیور کی شناخت احسان ولد محمد صادق قوم جٹ گھسن سکنہ شاہین کالونی پسرور شدید زخمی ہوگیا اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔ گذشتہ روز سلامت پورہ کا محمد ابوبکر موٹر سائیکل پھسل سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں کسوکی روڈ کی حریم، فیصل ٹاؤن کا چالیس سالہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

ڈسکہ روڈ پر تیز رفتار ویگن کی ٹکر سے سائیکل سوار سات سالہ بچہ جاں بحق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسکہ روڈ پر تیز رفتار ویگن کی ٹکر سے سائیکل سوار سات سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا، سات سالہ شہباز سرور سائیکل پر جارہا تھا جسے سامنے سے آنے والی ویگن ڈرائیور کی غفلت و تیز رفتاری سے ٹکرا گئی جس وہ شدید زخمی ہوگیا اور سائیکل کو بھی نقصان ہوا، شدید زخمی سات سالہ شہباز سرور کو چھوڑ کر ویگن والا فرار ہوگیا، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرالی گئیں

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرالی گئیں۔ بتایا گیا ہے کہ کٹھہ تھپنالہ کا محمد صفدر گذشتہ روز جلیبی چوک میں موٹر سائیکل کھڑی کر کے کسی کام گیا تو نامعلوم چور اُسکی غیر موجودگی میں موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے۔ نواحی گاؤں درگاہ پور کے رانا محمد جبار خاں کا دو لاکھ روپے کا سائیکل چوری ہوگیا۔ راکھ کیرانوالی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

موٹر سائیکل سوار تین ڈاکوؤں نے میاں بیوی کو لوٹ لیا

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) موٹر سائیکل سوار تین ڈاکوؤں نے میاں بیوی کو لوٹ لیا۔ گذشتہ رات حبیب پورہ کا حافظ محمد عثمان اور اُسکی اہلیہ مدیحہ موٹر سائیکل پر جارہے تھے کہ ٹیلی فون ایکسچینج کے قریب موٹر سائیکل سوار تین ڈاکوؤں نے اُنہیں روک کر موٹر سائیکل، گیارہ ہزار روپے اور تین موبائل فون چھین لئے اور فرار ہوگئے۔ صدر پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

پولیس ریلوے اعلیٰ حکام کے احکامات پر تھانہ ریلوے جنکشن وزیر آباد میں تعینات

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) پولیس ریلوے اعلیٰ حکام کے احکامات پر تھانہ ریلوے جنکشن وزیر آباد میں تعینات ایس ایچ او مراد علی گجر اور اے ایس آئی صغیر بٹ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ وزیر آباد اور گردونواح میں ریلوے کی قیمتی اراضی پر قائم تجاوزات

کے خلاف بھرپور کارروائی کرتے ہوئے متعدد مقامات سے ریلوے اراضی واگزار کرالی۔ کارروائی کے دوران حافظ آباد ریلوے اسٹیشن کے قریب تقریباً 9 کروڑ 80 لاکھ روپے مالیت کی ریلوے اراضی بھی واگزار کرائی گئی۔ ریلوے پولیس کی جانب سے تجاوزات کے خلاف جاری آپریشن پر آئی جی ریلوے پاکستان اور دیگر اعلیٰ حکام نے وزیر آباد ریلوے پولیس ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے افسران و اہلکاروں کو شاباش دی۔ اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ ریلوے وزیر آباد مراد علی گجر نے کہا کہ ریلوے کی ملکیتی اراضی پر کسی بھی قسم کی غیر قانونی تعمیرات یا تجاوزات قابلِ قبول نہیں، قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ریلوے لائن کے قریب غیر مجاز رہائش، تعمیرات یا سامان رکھنے سے نہ صرف ریلوے اراضی پر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

میاں بیوی میں معمولی جھگڑا شدت اختیار کر گیا شوہر نے بیوی کو فائر مار دیا بیوی جاں بحق شوہر زخمی ہوگیا

منڈی احمد آباد۔ (نامہ نگار) میاں بیوی میں معمولی جھگڑا شدت اختیار کر گیا شوہر نے بیوی کو فائر مار دیا بیوی جاں بحق شوہر زخمی ہوگیا بتایا جاتا ہے کہ نواحی گاؤں ویر کے میں میاں بیوی میں جھگڑا ہوگیا جس پر عبدالخالق ڈوگر اپنی بیوی مسمات ثمینہ بی بی کو پسٹل سے مبینہ طور پر فائر مارنے لگا تو بیوی نے پسٹل پکڑنے کی کوشش کی جس سے پسٹل کا رخ عبدالخالق کی طرف ہوگیا اور پسٹل چل گیا اور فائر عبدالخالق کے سینے میں لگا جبکہ عبدالخالق نے زخمی حالت میں پسٹل سے بیوی کو مبینہ طور پر فائر مار دیا جو کہ اس کے سینے میں لگا بعد ازاں زخمی میاں بیوی کو رورل ہیلتھ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

نوشہرہ ورکاں کے علاقے ارتالی ورکاں سمیت غیر قانونی پیرو آئل پلانٹس کے خلاف چار محکموں کا مشترکہ آپریشن

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نوشہرہ ورکاں کے علاقے ارتالی ورکاں سمیت غیر قانونی پیرو آئل پلانٹس کے خلاف چار محکموں کا مشترکہ آپریشن ڈپٹی کمشنر گوجرانوالا نوید احمد کی ہدایات اور اے ڈی اے انفورسمنٹ فہد اعجاز بٹ کی زیر نگرانی محکمہ تحفظ ماحولیات گوجرانوالا نے غیر قانونی پیرو آئل پلانٹس کے خلاف خصوصی آپریشن کیا۔ انوائرمنٹ پروٹیکشن فورس، AREP فورس کاموںکی، ستھرا پنجاب کاموںکی اور گیپکو کی مشترکہ ٹیموں نے بیگ پور روڈ سادھوکی، تحصیل کاموںکی اور تحصیل نوشہرہ ورکاں کے موضع ارتالی ورکاں میں کارروائی کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی پیرو آئل پلانٹس کو سیل کر دیا ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرمنٹ انجینئر محمد عمران میو کی نگرانی میں ہونے والے آپریشن کے دوران عدنان جعفر کے پیرو پلانٹ کو سیل کیا گیا جبکہ مالک کے خلاف کارِ سرکار میں مداخلت پر مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ گیپکو حکام نے مذکورہ پلانٹ کا بجلی کا کنکشن بھی منقطع کر دیا۔ کارروائی کے دوران عثمان جعفر کے پیرو پلانٹ کو بھی سیل کیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

ننکانہ صاحب: بھچوکی پار دوہرے قتل کیس کا ڈراپ سین، ڈوگر اور بھٹی برادری میں صلح

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) تھانہ منڈی فیض آباد کے نواحی گاؤں بھچوکی پار میں مشہور دوہرے قتل کے مقدمہ کے سلسلے میں ڈوگر اور بھٹی برادری کے درمیان جاری تنازع باہمی صلح کے بعد ختم ہوگیا۔ سابق رکن قومی اسمبلی مہر شاہد منظور گل اور ان کے بھائی سابق نائب تحصیل ناظم ننکانہ صاحب مہر طاہر منظور گل کی کوششوں سے دونوں فریقین نے اختلافات ختم کر کے امن و بھائی چارے کے ساتھ رہنے پر اتفاق کیا۔ دونوں فریقین نے عدالت میں صلح نامہ جمع کرانے کے ساتھ اپنے بیانات بھی قلمبند کرائے، جس کے بعد ایڈیشنل سیشن جج مجاہد شیر دل چیمہ نے صلح نامے اور بیانات کی کارروائی مکمل ہونے پر رہائی کے احکامات جاری کیے۔ صلح کے عمل میں علاقے کے عمائدین اور معززین نے بھی کردار ادا کیا۔ مہر طاہر منظور گل نے کہا کہ معاشرے میں امن، بھائی چارے اور باہمی اتفاق کا فروغ سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

مین بازار رائیونڈ میں سیاسی دنگل سج گیا، نوجوان قیادت کی انٹری سیاسی میدان میں گرما گرمی

رائیونڈ (نمائندہ خصوصی) مین بازار رائیونڈ میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئیں، یوتھ اتحاد گروپ کے تاجروں نے متفقہ فیصلہ کرتے ہوئے شیخ اعجاز مجید کو یوسی 15 رائیونڈ سے متوقع بلدیاتی انتخابات میں چیئرمین کے امیدوار کے طور پر نامزد کر دیا۔ یوتھ اتحاد گروپ کے سربراہ محمد ثاقب بھٹی نے تاجروں کے متفقہ فیصلے کا اعلان کیا، اس موقع پر یوتھ اتحاد گروپ سے وابستہ تاجروں نے شیخ اعجاز مجید کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ یوسی 15 میں ان کی بھرپور حمایت کریں گے۔ تاجروں کا کہنا تھا کہ شیخ اعجاز مجید علاقے کے مسائل اور تاجر برادری کی مشکلات سے بخوبی آگاہ ہیں، اس لیے انہیں چیئرمین کے لیے امیدوار نامزد کرنے کا فیصلہ باہمی مشاورت اور اتفاقِ رائے سے کیا گیا ہے، یوتھ اتحاد گروپ کے سربراہ محمد ثاقب بھٹی نے کہا کہ یوتھ اتحاد گروپ ہمیشہ نوجوان قیادت کو آگے لانے اور تاجر برادری کے اجتماعی مفاد کے لیے کردار ادا کرتا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شیخ اعجاز مجید کی نامزدگی تاجروں کے متفقہ فیصلے کی عکاس (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

شیخ اعجاز مجید

محمد ثاقب بھٹی

سردار زین خان بھٹی کی سالگرہ کی پروقار تقریب، سیاسی، سماجی، وکلا اور صحافتی شخصیات کی بھرپور شرکت

حجرہ شاہ مقیم (چوہدری غلام رسول سے) سردار زین خان بھٹی، سرپرست رینالہ NSF، کی سالگرہ کے سلسلے میں فوڈ گارڈن رینالہ میں ایک نہایت پروقار اور خوش گوار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں سیاسی، سماجی، وکلا اور صحافتی حلقوں سے وابستہ ممتاز شخصیات، معززینِ شہر اور دوست احباب نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب کے دوران شرکاء نے سردار زین خان بھٹی کو سالگرہ کی دلی مبارک باد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رینالہ بار کے موجودہ جنرل سیکرٹری راؤ عمران ایڈووکیٹ، سابق صدر رانا احتشام ایڈووکیٹ، سابق جنرل سیکرٹری حمید احمد زمان ایڈووکیٹ، میاں غلام مجتبیٰ کمیانہ، سابق جنرل سیکرٹری نعیم اجمل خان بیدار ایڈووکیٹ سمیت دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ آرگنائزر کامران پرویز سلطان بھی تقریب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کے روح ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی انکی رہائش گاہ چوھدری ولی جٹ چوک میں ھوئی

چیچہ وطنی سے رپورٹ کر رہے ہیں ہمارے کرائم رپورٹر عمران ندیم شاہ۔ وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے قانون و انصاف چوہدری محمد طفیل جٹ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد ارشد جٹ، ریٹائرڈ ایس پی چوہدری محمد شریف جٹ کے والد محترم ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ جو رضائے الٰہی سے وفات پا گئے تھے۔ مرحوم کے روح ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی انکی رہائش گاہ چوھدری ولی جٹ چوک میں ھوئی۔ خطیب نور المساجد مفتی ظہیر الدین بابر نے خطاب کیا اور صاحبزادہ پیر سخی سلطان فیاض الحسن قادری نیتھی خطاب فرمایا اور دعاء کروائی، قرآن خوانی میں نقیب ممبر کے فرائض زاہد صدیقی ایڈووکیٹ نے ادا کیئے اور ممبر قومی اسمبلی چوھدری عثمان ارائیں، ممبر صوبائی اسمبلی رانا ریاض احمد خاں، سابق امیدوار صوبائی اسمبلی چوھدری شاھد منیر جٹ، سابق امیدوار صوبائی اسمبلی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی

چیچہ وطنی (نامہ نگار، تحصیل رپورٹر) ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کیلئے کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل، ڈپٹی کمشنر ساہیوال سمیع اللہ فاروق، سابق صدر چیچہ وطنی پریس کلب چوہدری فیاض حسن کمبوہ، جنرل سیکرٹری چوہدری شہباز حسین کمبوہ، سرپرست محمد سعید اختر رانا، صدر تحصیل پریس کلب میاں ظفر رحمانی، معروف سیاسی سماجی شخصیت لیاقت علی رجوکہ، محمد اشفاق انجم قادری سمیت دیگر کی ولی جٹ چوک میں چوہدری برادران کی رہائش گاہ پر آمد، تمام شخصیات نے ممبر قومی اسمبلی چوہدری محمد طفیل جٹ سے ملاقات کی اور ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور دلی افسوس کا اظہار کیا، اس موقع پر انہوں نے لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کی سیاسی و سماجی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

انفورسمنٹ آفیسر پیرا فورس تحریم اشرف نے پیرا فورس ٹیم کے ہمراہ مختلف پیٹرول پمپس کا دورہ کیا

چیچہ وطنی (نامہ نگار، تحصیل رپورٹر) وزیر اعظم پاکستان کے خصوصی فیول ریلیف پیکیج پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی غضنفر نوید چوہدری کی ہدایت پر انفورسمنٹ آفیسر پیرا فورس تحریم اشرف نے پیرا فورس ٹیم کے ہمراہ مختلف پیٹرول پمپس کا دورہ کیا، انفورسمنٹ آفیسر تحریم اشرف نے شہریوں سے فیول ریلیف کی فراہمی کے حوالے سے براہِ راست فیڈ بیک لیا اور پیٹرول پمپس پر آگاہی فرنٹ ڈیسک کو فعال رکھنے کی ہدایت کی، انہوں نے کہا کہ عوامی ریلیف سے متعلق اقدامات کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

نمبردار ایسوسی ایشن تحصیل نوشہرہ ورکاں کے چیئرمین چوہدری شہزاد شوکت گورایہ نمبردار کی محنت رنگ لے آئی

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر/ چوہدری امین گورایہ نمبردار سے نمبردار ایسوسی ایشن تحصیل نوشہرہ ورکاں کے چیئرمین چوہدری شہزاد شوکت گورایہ نمبردار کی محنت رنگ گیا افتتاح سابقہ ایم این اے حاجی مدثر قیوم ناہرا اور سابقہ ایم پی اے چوہدری محمد اقبال گجر نے باقاعدہ نوشہرہ ورکاں کے نواحی گاؤں بڈھا گورایہ میں نادرا دفتر کا

لے آئی بڈھا گورایہ میں ون کا ؤنٹر نادرا کا افتتاح عوامی سہولت کے لیے ون کا ؤنٹر نادرا کا باقاعدہ افتتاح کر دیا باقاعدہ افتتاح کر دیا اس موقع پر نمبرداران ایسوسی ایشن تحصیل نوشہرہ ورکاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 17)

مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر آفس وزیر آباد کے احاطہ میں جدید واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب مکمل ہونے کے بعد باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

وزیر آباد (ڈسٹرکٹ رپورٹر مہر عبدالصمد) مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر آفس وزیر آباد کے احاطہ میں جدید واٹر فلٹریشن پلانٹ کی تنصیب مکمل ہونے کے بعد باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاح معروف روحانی شخصیت اوتار حسین پیر زادہ نے اپنے دستِ مبارک سے کیا۔ اس موقع پر مسلم ہینڈز انٹرنیشنل کے کنٹری ڈائریکٹر صاحبزادہ سید ضیاء النور، اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد جواد حسین (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

ننکانہ صاحب میں گھریلو خواتین کی تیار کردہ مصنوعات کی حوصلہ افزائی کے لئے ہفتہ وار خواتین ایکسپو کا آغاز کر دیا گیا

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب میں گھریلو خواتین کی تیار کردہ مصنوعات کی حوصلہ افزائی کے لئے ہفتہ وار خواتین ایکسپو کا آغاز کر دیا گیا، ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے خواتین افسران کے ہمراہ ایکسپو میں لگائے گئے سٹالز کا دورہ کیا، تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کی طرف سے ننکانہ صاحب اور گردونواح کی گھریلو خواتین کے ہاتھوں کی مہارت سے تیار کردہ مختلف مصنوعات کی حوصلہ افزائی اور انہیں معاشی لحاظ سے بااختیار بنانے کے لئے ہفتہ وار خواتین ایکسپو کا آغاز کر دیا گیا ہے، علامہ اقبال پارک کے سامنے لگائی گئی ایکسپو ہر جمعہ اور ہفتے کے روز لگے گی، ایکسپو میں مختلف علاقوں سے گھریلو خواتین نے دیدہ زیب ملبوسات، جیولری، سجاوٹی اشیاء اور کھانے پینے کی مختلف اشیاء کے سٹالز لگائے، ڈپٹی کمشنر رعنا حمید نے اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ندا اقبال اور سماجی کارکن اور ضلعی صدر پاکستان مسلم (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی ان کی رہائش گاہ ولی جٹ چوک چیچہ وطنی میں ہوئی

چیچہ وطنی (نامہ نگار، تحصیل رپورٹر) ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی ان کی رہائش گاہ ولی جٹ چوک چیچہ وطنی میں ہوئی جس میں ممبران قومی و صوبائی اسمبلی سمیت ہزاروں افراد کی شرکت، چوہدری محمد اقبال جٹ نمبردار (مرحوم)، ممبر قومی اسمبلی چوہدری محمد طفیل جٹ، (ریٹائرڈ ایس پی چوہدری محمد شریف جٹ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد ارشد جٹ کے بھائی ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد حنیف جٹ مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی ان کی رہائش گاہ ولی جٹ چوک میں ہوئی، جس میں ممبران قومی و صوبائی اسمبلی، سیاسی و سماجی شخصیات، وکلاء، تاجر، علماء کرام، سول سوسائٹی اور ہر مکتبہ فکر کے ہزاروں افراد نے شرکت کی، آخر میں جگر گوشہ سلطان العارفین حضرت پیر سلطان فیاض الحسن سروری قادری (زیب سجادہ دربار سخی سلطان باہو) نے مرحوم کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

پتوکی میں روزمرہ کی استعمال ہونے والی اشیاء کے خودساختہ ریٹ دوکانداروں نے مقرر کر دیئے

پتوکی (نامہ نگار)۔ پتوکی میں روزمرہ کی استعمال ہونے والی اشیاء کے خودساختہ ریٹ دوکانداروں نے مقرر کر دیئے دہی دودھ انڈے اور بڑے جانور کا گوشت غریب لوگوں کی پہنچ سے دور ہوگیا سرکاری نرخ نامہ چھوڑ منتر پر ایس کنٹرول مجسٹریٹ غائب پیرا فورس کے اہلکار بھی حکومتی نرخ ناموں پر عمل درآمد کرانے میں ناکام تفصیل کے مطابق اندرون شہر میں سرکاری نرخ ناموں کے مطابق دہی 180 روپے کی بجائے 240 روپے کو انڈے 220 روپے درجن کی بجائے 300 روپے درجن بڑے کا گوشت 800 روپے کلو کی بجائے 1300 روپے کلو میں فروخت کیا جارہا ہے جبکہ اندرون شہر سیملحقہ علاقوں میں زیادہ تر اکثریت غریب لوگوں کی ہے جو پہلے ہی مہنگائی کے ستائے ہیں اور اب مذید خودساختہ ریٹوں پر یہ اشیاء خرید بیقا صر ہیں جنہیں کوئی پوچھنے والا نہیں جبکہ مارکیٹ کمیٹی دہی اور بڑے کے گوشت کا ریٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

شیر گڑھ 1999ء میٹرک کے کلاس فیلوز کا دوسرا تاریخی اکھٹ، پرانی یادیں تازہ، جذباتی مناظر

مرغیوں کے فضلے (ویسٹ) اٹھانے والی گاڑیوں نے پورے شہر کا ماحول بدبودار بنا دیا ہے، جس کے نتیجے میں شہری سانس اور دیگر متعدی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں

چوکی (نامہ نگار) مرغیوں کے فضلے (ویسٹ) اٹھانے والی گاڑیوں نے پورے شہر کا ماحول بدبودار بنا دیا ہے، جس کے نتیجے میں شہری سانس اور دیگر متعدی بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں جبکہ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکمے مکمل طور پر خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں پتوکی شہر کے مختلف علاقوں میں ملتان روڈ اسٹیشن چوک شاہراہ قائد اعظم روڈ فیصل کالونی امام بارگاہ چوک کے رہائشیوں نے شکایت کرتے ہوئے بتایا کہ شام ڈھلتے ہی مرغیوں کی ویسٹ اٹھانے والی گاڑیاں بغیر ڈھکن اور حفاظتی انتظامات کے سڑکوں پر رواں ہوتی ہیں ان گاڑیوں سے نہ صرف شدید بدبو پھیلتی ہے بلکہ ویسٹ کے ذرات ہوا میں شامل ہو کر ماحول کو آلودہ کر رہے ہیں شہریوں کا کہنا ہیکہ بدبو کے باعث گھروں میں بیٹھنا بھی دشوار ہو چکا ہے، خاص (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 23)

حاجی اصغر علی مغل نے سعودی عرب میں مقدس مقامات پر ڈرون حملہ کی کوشش کو مکہ مکرمہ پر نہیں بلکہ پورے عالم اسلام پر حملہ قرار دیا

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) سرپرست تنظیم مغلیہ کاموںکے حاجی اصغر علی مغل نے سعودی عرب میں مقدس مقامات پر ڈرون حملہ کی کوشش کو مکہ مکرمہ پر نہیں بلکہ پورے عالم اسلام پر حملہ قرار دیا ہے اور کہا عالم اسلام کو ایک آواز ہونا چاہیے۔ یہ مقدس شہر مسلمانوں کے ایمان، عقیدت اور محبت کا مرکز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 22)

ڈسکہ شہر و گردونواح میں دکانداروں کی من مانیاں جاری

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر و گردونواح میں دکانداروں کی من مانیاں جاری، اشیائے خوردونوش کے منہ مانگے دام وصول کیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

شیر گڑھ 1999ء میٹرک کے کلاس فیلوز کا دوسرا تاریخی اکھٹ، پرانی یادیں تازہ، جذباتی مناظر

شیر گڑھ (نمائندہ سحر) 1999 میٹرک کے کلاس فیلوز کا دوسرا تاریخی و یادگار اکھٹ شیر گڑھ میں انتہائی پروقار اور شاندار انداز میں منعقد ہوا۔ سالوں کے طویل عرصے بعد جب دیرینہ ہم جماعت ایک دوسرے کے روبرو ہوئے تو مسرت اور جذباتی مناظر سے ہر آنکھ اشکبار ہوگئی۔ تمام دوست ایک دوسرے کو گرم جوشی سے گلے لگاتے اور ماضی کی شیریں یادوں کو دہراتے رہے۔ اس پرمسرت اور یادگار محفل میں چیئرمین ڈسٹرکٹ یونین آف جرنلسٹس اوکاڑہ عمران زاہد کھوکھر، ظہیر عباس، ریسکیو آفیسر جان محمد بھٹہ، کارو

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

گورنر پنجاب سے امیدوار پی پی 128 ملک محمد آصف ایڈووکیٹ محمد یعقوب کی ملاقات

ملاقات کے دوران علاقائی مسائل، عوامی امور، علاقے کی ترقی اور موجودہ سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ملک محمد آصف یعقوب ایڈووکیٹ نے عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے مؤثر کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا



شورکوٹ: امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 128 جھنگ ملک محمد آصف یعقوب ایڈووکیٹ ہائیکورٹ گورنر پنجاب سے ملاقات کرتے ہوئے

شورکوٹ (محمد آصف) امیدوار صوبائی اسمبلی حلقہ پی پی 128 جھنگ ملک محمد آصف یعقوب ایڈووکیٹ ہائیکورٹ، ٹکٹ ہولڈر پاکستان پیپلز پارٹی اور صوبائی نائب صدر پیپلز پارٹی وکلاء ونگ پنجاب نے گورنر ہاؤس لاہور میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات کی ترقی اور موجودہ سیاسی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ملک محمد آصف یعقوب ایڈووکیٹ نے عوامی مسائل کے حل اور علاقے کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی نے مائیکرون سے کم وزنی 27 ہزار 900 سے زائد پلاسٹک شاپر بیگ کے تین ٹرک قبضہ میں لے لئے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی نے ایکشن لیتے ہوئے 75 مائیکرون سے کم وزنی 27 ہزار 900 سے زائد پلاسٹک شاپر بیگ کے تین ٹرک قبضہ میں لے لئے۔ غیر قانونی شاپر بیگ کے خلاف بڑی کارروائی ماڈل ٹاؤن بی بلاک میں کی گئی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تحفظ ماحول ڈاکٹر محمد طاہر عباس کی سربراہی میں انسپکٹر امجد علی نے اطلاع ملنے پر انسپکٹر لاریب مریم اور فیلڈ اسسٹنٹس شاہ زمان، (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان شہریوں کے مسائل سنتے ہوئے

فیصل آباد آرٹس کونسل اور پیغام محبت یوتھ ونگ کے اشتراک سے نعتیہ مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا، ملک بھر سے نامور شعراء نے شرکت کی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد آرٹس کونسل اور پیغام محبت یوتھ ونگ کے اشتراک سے نعتیہ مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا، ملک بھر سے نامور شعراء نے شرکت کی اور بارگاہِ رسالت ﷺ میں عقیدت کے پھول نچھاور کئے۔ ڈائریکٹر فیصل آباد آرٹس کونسل محمد عمران رضا نے محفل میں شرکت کی اور بیرون شہر سے آنے والے شعراء کو خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد آرٹس کونسل ادب و ثقافت کے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

ہوٹلوں اور فاسٹ فوڈ پوائنٹس پر صفائی کے ناقص انتظامات اور مبینہ غیر معیاری اشیائے خورونوش کی فروخت کے حوالے سے شہریوں کی جانب سے شکایات

چشتیاں (تحصیل رپورٹر) چشتیاں میں محکمہ فوڈ سیفٹی پر سوالات شہریوں کی جانب سے جی پوائنٹ و دیگر فاسٹ فوڈ پوائنٹس پر ناقص صفائی کی شکایات شہر میں ہوٹلوں اور فاسٹ فوڈ پوائنٹس پر صفائی کے ناقص انتظامات اور مبینہ غیر معیاری اشیائے خورونوش کی فروخت کے حوالے سے شہریوں کی جانب سے شکایات سامنے آنے لگی ہیں۔ شہریوں نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کی مقامی سطح پر نگرانی اور کارروائیوں پر بھی سوالات اٹھائے ہیں۔ ذرائع کے مطابق چشتیاں کے ایک فاسٹ فوڈ پوائنٹ چیزی بائٹ سے خریدے گئے پیزے میں مبینہ طور پر بال نکلنے اور نامناسب بو محسوس ہونے کی شکایت سامنے آئی، جس پر ایک شہری نے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کر دی۔ تاہم مذکورہ شکایت کی آزادانہ طور پر تصدیق نہیں ہو سکی۔ دوسری جانب بعض ذرائع کی جانب (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

ماڈرن چلڈرن ہوم میں مقیم طالبات کے لیے بچوں کے تحفظ اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے موضوع پر خصوصی آگاہی و تربیتی نشست کا انعقاد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ماڈرن چلڈرن ہوم میں مقیم طالبات کے لیے بچوں کے تحفظ اور محفوظ ماحول کی فراہمی کے موضوع پر خصوصی آگاہی و تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں چائلڈ پروٹیکشن کنسلٹنگ اینڈ ٹریز سید سلیم عباس، لیکچرار سوشل ویلفیئر ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ عابدہ کاشف، آمنہ بٹ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر فی میل چلڈرن ہوم اسماء احمد نے شرکت کی۔ نشست کا مقصد بچوں کے حقوق، تحفظ، سلامتی اور انہیں ہر قسم کے تشدد، بدسلوکی، غفلت اور استحصال سے محفوظ رکھنے کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔

دارالعلوم امینیہ جامعہ اشرفیہ، جڑانوالہ کیمپس، کے شعبہ طالبات مدرسہ زیب النساللبنات کی چھ خوش نصیب طالبات نے رواں ماہ حفظِ قرآنِ کریم کی عظیم سعادت حاصل کی

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹر) جڑانوالہ: دارالعلوم امینیہ جامعہ اشرفیہ، جڑانوالہ کیمپس، کے شعبہ طالبات مدرسہ زیب النساللبنات کی چھ خوش نصیب طالبات نے رواں ماہ حفظِ قرآنِ کریم کی عظیم سعادت حاصل کی۔ اس باسعادت موقع پر ان حافظاتِ قرآن کے اعزاز میں مدرسہ ہذا میں ایک نہایت پروقار اور بابرکت تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں پرنسپل صاحبہ و ناظمِ اعلیٰ ادارہ ہذا مولانا حافظ سعد اسعد صاحب کی جانب سے حافظات کو انعامات سے نوازا گیا۔ اس روح پرور تقریب میں طالبات کے اعزہ و اقارب سمیت شہری کثیر تعداد میں خواتین نے شرکت کر کے تقریب کو رونق بخشی۔ قابلِ ذکر ہے کہ مدرسہ زیب النساللبنات بحمداللہ تعالیٰ شعبہ کتب، شعبہ حفظ، شعبہ ناظرہ، کڑھائی، سلائی، امورِ خانہ داری کی عملی مشق اور تربیت و تزکیہ کے مربوط، معیاری اور اعلیٰ نظام کے ساتھ ساتھ باقاعدہ اسکول کا مستحکم نظام بھی موجود ہے، جہاں رواں سال نو طالبات نے میٹرک کا امتحان فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ ادارہ میں وسیع و کشادہ ہال، بہترین تعلیمی و رہائشی سہولیات اور بلاتعطل بجلی کی فراہمی کے لیے وسیع پیمانے پر جدید سولر سسٹم کا بہترین انتظام (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

ڈسکہ و گردونواح میں رات کے وقت ہوائیں چلنے سے موسم تیزی سے بدلنے لگا

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) ڈسکہ و گردونواح میں رات کے وقت ہوائیں چلنے سے موسم تیزی سے بدلنے لگا، پنجاب بھر کی طرح ڈسکہ کا موسم تبدیلی کی جانب گامزن ہے، صبح کے اوقات میں سورج کی کرنیں زمین پر بکھرنے لگیں، جبکہ رات کے وقت ہوائیں چلنے سے موسم میں بہتری آنے لگی ہے۔ محکمہ موسمیات کے اعداد و شمار کے مطابق شہر کا موجودہ درجہ حرارت 29 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ کم سے کم درجہ حرارت 24 اور زیادہ سے زیادہ 34 (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے میونسپل کمیٹی ڈسکہ کا دورہ کیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے میونسپل کمیٹی ڈسکہ کا دورہ کیا اور ڈسکہ سٹی میں پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام اور پنجاب انٹر سٹیز پراجیکٹ کے تحت جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈسکہ یاسر گیلانی نے صوبائی وزیر کو جاری ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران منصوبوں کی فزیکل اور فنانشل پراگریس، کام کی رفتار، تکمیل کی ٹائم لائن اور مختلف منصوبوں پر اب تک ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ ٹائم لائن پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور مفاد عامہ کے منصوبوں کو اعلیٰ معیار کے ساتھ بروقت پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ترقیاتی منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کاموں کے دوران ورکرز کی سیفٹی اور سیکیورٹی گیئر کا خصوصی خیال رکھا جائے جبکہ شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات سے بچانے کے لیے مؤثر ٹریفک مینجمنٹ پلان پر بھی عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ صوبائی وزیر نے ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ڈسکہ شہر میں بیٹ وائز صفائی ستھرائی کے نظام کو مؤثر انداز میں نافذ کرنے کی ہدایت کی۔

قتل کے مقدمہ میں پیشی جانے والے موٹر سائیکل سوار کو ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر، جان سے مارنے کی کوشش

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) قتل کے مقدمہ میں پیشی جانے والے موٹر سائیکل سوار کو ٹریکٹر ٹرالی کی ٹکر، جان سے مارنے کی کوشش، اعجاز احمد، محمد آصف کے ہمراہ الگ الگ موٹر سائیکلوں پر عدالت پیشی پر جا رہا تھا کہ جب وہ تھانہ سٹی کے علاقہ الفنان کا پٹری نہر پہنچے ٹریکٹر ٹرالی والے نے جان سے مارنے کی نیت سے آصف کی موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس سے وہ سڑک کے درمیان گر گیا ٹریکٹر ٹرالی ڈرائیور نے اس کے سر سے ٹریکٹر گذارنے کی کوشش کی لیکن وہ ہیلمٹ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

طبی شعبے کے اس اہم ترین امتحان کے شفاف اور پُرامن انعقاد کے لیے بہاولنگر پولیس تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ محمد عمران

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) طبی شعبے کے اس اہم ترین امتحان کے شفاف اور پُرامن انعقاد کے لیے بہاولنگر پولیس تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ محمد عمران۔ ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کی ہدایت پر ایم ڈی کیٹ (MDCAT) ٹیسٹ کے موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات، بھاری نفری تعینات۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران نے سیکیورٹی انتظامات کا خود جائزہ لیتے ہوئے افسران کو الرٹ رہنے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ امتحانی مرکز کی بیرونی اور اندرونی سیکیورٹی کے لیے ایلیٹ فورس، لیڈیز پولیس اور ٹریفک پولیس کے دستے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ ٹیسٹ سنٹر میں داخل ہونے پر تھری لیئر (Layer-Three) جامع تلاشی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، جبکہ واک تھرو گیٹس اور میٹل ڈیٹیکٹرز کا استعمال بھی عمل میں لایا گیا ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کا کہنا تھا کہ "طبی شعبے کے اس اہم ترین امتحان کے شفاف اور پُرامن انعقاد کے لیے بہاولنگر پولیس تمام تر وسائل بروئے کار (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

ڈی پی او بہاولنگر محمد عمران کی ہدایت پر ایم ڈی کیٹ (MDCAT) ٹیسٹ کے موقع پر سیکیورٹی کا جائزہ لیتے ہوئے

فتح گڑھ کے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول میں طالبات سے مبینہ طور پر اسکول کی صفائی کروانے پر والدین میں تشویش

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) فتح گڑھ کے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول میں طالبات سے مبینہ طور پر اسکول کی صفائی کروانے، جھاڑو لگوانے اور جمع ہونے والا کوڑا اپنے ہاتھوں سے اٹھا کر کوڑے دان تک پہنچانے کے معاملے نے والدین اور شہریوں میں تشویش پیدا کر دی ہے۔ والدین کا کہنا ہے کہ بیٹیاں قوم کا مستقبل ہیں، انہیں تعلیم حاصل کرنے کے لیے اسکول بھیجا جاتا ہے، صفائی کا عملہ بننے کے لیے نہیں۔ اگر اسکول میں صفائی کے لیے مقرر عملہ موجود ہے تو پھر کم عمر طالبات سے یہ کام کیوں لیا جا رہا ہے؟ شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ کوڑا اٹھانے کے دوران طالبات کے ہاتھ جراثیم اور آلودہ اشیا سے متاثر ہونے، صحت کے مسائل پیدا ہونے اور صفائی کے دوران گرد و غبار سے سانس کے مسائل کا خطرہ بھی موجود ہو سکتا ہے۔ پنجاب کے اسکول ہیلتھ پروگرام میں بھی بچوں کی صحت، حفظانِ صحت اور محفوظ تعلیمی ماحول کو اہمیت دی گئی ہے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)

پولیس کی خدمت مرکز سیالکوٹ کی کارروائی، تھانہ صدر گوجرانوالہ پولیس کو مطلوب ملزم گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سیالکوٹ پولیس کی خدمت مرکز سیالکوٹ کی کارروائی، تھانہ صدر گوجرانوالہ پولیس کو مطلوب ملزم گرفتار پولیس خدمت مرکز سیالکوٹ کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے جعلی چیک کے مقدمہ میں ملوث اور تھانہ صدر گوجرانوالہ پولیس کو مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ملزم کو قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔

اتوار کی تعطیل کے باوجود ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کی خصوصی سرگرمیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ورلڈ کلین اپ ڈے کے موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی فیصل آباد عابد حسین بھٹی کی ہدایات پر اتوار کی تعطیل کے باوجود ضلع بھر میں صفائی ستھرائی کی خصوصی سرگرمیاں بھرپور انداز میں جاری رہیں۔ خصوصی کلین اپ آپریشن کے تحت مختلف علاقوں میں ہیوی مشینری اور سینیٹری ورکرز کی مدد سے کھلے پلاٹوں، خالی جگہوں اور دیگر مقامات سے کچرے کے ڈھیروں کی صفائی کی گئی، جبکہ شہری علاقوں میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے فیلڈ ٹیموں نے بھی خصوصی صفائی آپریشن جاری رکھا۔ ستھرا پنجاب ایجنسی فیصل آباد کی جانب سے سوگ کے تدارک اور ماحولیاتی آلودگی میں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

سیالکوٹ: ایس پی انویسٹی گیشن راجہ محمد حسیب طلبہ و طالبات سے خطاب کرتے ہوئے

ریڈر ٹو ڈی پی او گجرات فیصل بوکن کی اہلیہ کی نمازِ جنازہ میں لالہ موسیٰ سمیت مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی شرکت

لالہ موسیٰ (بیورو چیف) ریڈر ٹو ڈی پی او گجرات فیصل بوکن کی اہلیہ کی نمازِ جنازہ میں لالہ موسیٰ سمیت مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والی سیاسی، سماجی، مذہبی، پولیس، وکلاء، ڈاکٹرز اور صحافتی شخصیات سمیت ہزاروں افراد نے شرکت کی۔ نمازِ جنازہ آستانہ عالیہ بوکن شریف کے صاحبزادہ پیر سید زاہد صدیق شاہ نے پڑھائی۔ نمازِ جنازہ میں شرکت کرنے والی نمایاں شخصیات میں نوابزادہ غضنفر علی گل۔ صدر پریس کلب لالہ موسیٰ محمد شہزاد دلبر۔ انسپکٹر مرزا عدنان، انسپکٹر ملک کاشف، چوہدری طارق پسوال علی چک، چوہدری عدیل کائرہ، چوہدری نویل کائرہ، چوہدری عبدالمنعم چنڈالہ، بابر کائرہ، صحافی رانا مہتاب اسلم، خالد جاوید بٹ۔ چوہدری مظہر مکیانہ، چوہدری مظہر نمبردار، سید ابراہیم۔ چوہدری محمد آصف اے ایس آئی، سرفراز ایس ایچ او جہلم، مرزا اسجد علی انچارج الخدمت مرکز کھاریاں، شہباز فاروق انچارج چوکی ماڈل (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

موٹو پتلو گینگ کا صفایا، خواتین کو لوٹنا اور عصمت دری جیسے سنگین جرائم میں ملوث رہا

عارف والہ (کرائم رپورٹر) موٹو پتلو گینگ کا صفایا، خواتین کو لوٹنا اور عصمت دری جیسے سنگین جرائم میں ملوث رہا، تفصیل کے مطابق، سی سی ڈی پنجاب پولیس خواتین کی محافظ موٹو پتلو گینگ کو تقریباً چار سال بعد سی سی ڈی پاکپتن نے جہنم واصل کر دیا، اوکاڑہ، پاکپتن، ساہیوال اور بہاولنگر کی شاہراہوں پر تقریباً چار برس سے سرگرم "موٹو پتلو گینگ" شہریوں، بالخصوص خواتین کو لوٹنے اور عصمت دری جیسے سنگین جرائم میں ملوث رہا، پولیس ریکارڈ کے مطابق گینگ کے ارکان اسلحہ کے زور پر راہگیروں کو لوٹتے، خواتین سے زیورات چھینتے اور دورانِ واردات عصمت دری جیسے سنگین جرائم کا ارتکاب کرتے رہے، گینگ کی سرکوبی کے لیے سی سی ڈی پاکپتن نے چھ ماہ پر محیط خفیہ کومبنگ آپریشن کیا۔ اہلکاروں نے سادہ لباس میں مختلف شاہراہوں، سنسان مقامات اور ممکنہ وارداتی علاقوں کی نگرانی کی، جبکہ بعض مقامات پر اہلکاروں نے حلیہ بدل کر بھی نگرانی کی گئی، بالآخر ہیڈ گردنہ کے قریب سی سی ڈی ٹیم کا ملزمان سے آمنا سامنا ہوا، ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایک کانسٹیبل بائیں ٹانگ پر گولی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

حرمین شریفین کی سلامتی، بقا اور تقدس پر کسی بھی قسم کی جارحیت، نازیبا اقدام یا ناپاک جسارت کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، مولانا سردار علی سردار

پاکپتن (نامہ نگار) اتحاد بین المسلمین پاکپتن کے سرپرست اعلیٰ معروف مذہبی سکالر مولانا سردار علی سردار نے کہا ہے کہ حرمین شریفین کی سلامتی، بقا اور تقدس پر کسی بھی قسم کی جارحیت، نازیبا اقدام یا ناپاک جسارت کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ امت مسلمہ کیلئے حرمین شریفین کا تحفظ، دفاع اور احترام ایمان کا بنیادی حصہ ہے، مقدس مقامات اور سعودی عرب کی شہری آبادیوں کو نشانہ بنانے جیسے بزدلانہ اقدامات سے دنیا بھر کے اربوں مسلمانوں کے جذبات شدید مجروح ہوتے ہیں، اس طرح کی مذموم کارروائیاں نا صرف بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہیں بلکہ عالمِ اسلام کے امن کو تباہ کرنے کی گہری سازش کا حصہ ہیں، انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ سعودی عرب کی جغرافیائی سرحدوں، حرمین شریفین اور مقدسات کی حفاظت کیلئے پوری امت مسلمہ اور بالخصوص پاکستان کے عوام یکجاں اور سیسہ پلائی ہوئی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

یونین کونسل میانہ پورہ کے علاقے اسلام پورہ میں شہریوں کو درپیش سیوریج کا دیرینہ مسئلہ حل کر دیا گیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) یونین کونسل میانہ پورہ کے علاقے اسلام پورہ میں شہریوں کو درپیش سیوریج کا دیرینہ مسئلہ حل کر دیا گیا۔ ڈیڑھ کروڑ روپے کی لاگت سے سیوریج لائن تبدیل کرنے کے ساتھ گلیوں کی بحالی کا کام بھی مکمل کر لیا گیا۔ صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ نے علاقے کا دورہ کیا اور مکمل کیے گئے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اہلِ علاقہ نے سیوریج کے دیرینہ مسئلے کے حل پر صوبائی حکومت اور متعلقہ منتخب نمائندگان کا شکریہ ادا کیا۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق شہریوں کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز تک پہنچانے کے لیے مسلم لیگ (ن) کی حکومت خدمت کے منشور پر بھرپور عمل پیرا ہے۔ عوامی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل میں رفتار اور معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ حکومت عوام کے ٹیکس سے حاصل ہونے والی ایک ایک پائی کو عوام کی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خرچ کر رہی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ سیوریج، نکاسی آب، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کے منصوبوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جا رہا ہے۔

عبیداللہ یونیورسٹی کیمپس پاکپتن میں تقسیم اسناد، ڈگری ایوارڈنگ کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) عبیداللہ یونیورسٹی کیمپس پاکپتن میں تقسیم اسناد، ڈگری ایوارڈنگ کی تقریب کا انعقاد کیا گیا، تفصیلات کے مطابق عبیداللہ یونیورسٹی کیمپس پاکپتن میں بی ایس سیشن 2022-2026 کے کامیاب طلبہ و طالبات کے اعزاز میں ڈگری ایوارڈنگ تقریب منعقد ہوئی، جس میں فارغ التحصیل طلبہ و طالبات میں ڈگریاں تقسیم کی گئیں، تقریب میں ڈائریکٹر عبیداللہ گروپ آف کالجز عبیداللہ بیگ، کنٹرولر محمد خلیق، پرنسپل شہزاد عرفان وائس پرنسپل فضل الرحمن بابر نے شرکت کی، مقررین نے کامیاب طلبہ و طالبات کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ڈگری کا حصول ان کی مسلسل محنت، اساتذہ کی رہنمائی اور والدین کی دعاؤں کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ اپنے علم، ہنر اور صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر معاشرے اور ملک کی ترقی میں مثبت کردار ادا کریں، اس موقع پر طلبہ اور ان کے والدین نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ادارے کی انتظامیہ اور اساتذہ کا شکریہ ادا کیا، تقریب پرجوش اور پروقار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، تقریب نے طلبہ کی کامیابیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں مستقبل میں قومی ترقی کے لیے اپنی صلاحیتیں استعمال کرنے کا پیغام دیا

نواحی گاؤں شاہ پور میں نقب زنی کی بڑی واردات، لاکھوں کا سامان چوری

حجرہ شاہ مقیم (الٰہی بخش ڈولہ) نواحی گاؤں شاہ پور میں نقب زنی کی بڑی واردات، لاکھوں کا سامان چوری حجرہ شاہ مقیم نواحی گاؤں شاہ پور میں نامعلوم چور گھر کی چھت سے نقب لگا کر داخل ہو گئے اور گھر سے دو تولے طلائی زیورات، ایک لاکھ روپے نقدی اور قیمتی گھریلو سامان لے کر فرار ہو گئے۔ متاثرہ شہری رفاقت سکھیرا کے مطابق واردات کے بعد اہل خانہ شدید خوف و ہراس میں مبتلا ہیں، جبکہ علاقے کے شہریوں میں بھی تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے۔ رفاقت سکھیرا نے ڈی پی او اوکاڑہ سے مطالبہ کیا ہے کہ واردات میں ملوث ملزمان کو جلد گرفتار کر کے مالِ مسروقہ برآمد کیا جائے۔ متاثرہ شہری نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

مرحوم حافظ محمد ناظم کی مبینہ زہر خورانی سے ہلاکت کے معاملے میں اہم قانونی پیش رفت

کوٹ رادھا کشن (سہیل الطاف خاں) مبینہ زہر خورانی سے ہلاکت کے معاملے میں قبر کشائی مکمل، اہم قانونی پیش رفت مرحوم حافظ محمد ناظم کی مبینہ زہر خورانی سے ہلاکت کے معاملے میں اہم قانونی پیش رفت سامنے آئی ہے، عدالت کے احکامات پر 15 ستمبر کو قبر کشائی کا عمل مکمل کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق مذکورہ معاملے میں ایڈووکیٹ میاں شفاقت حنیف، لیگل ایڈوائزر نیشنل پریس کلب تحصیل کوٹ رادھا کشن، کی جانب سے متاثرہ فریق کی قانونی پیروی کرتے ہوئے عدالت سے قبر کشائی کے احکامات حاصل کیے گئے، جن پر عملدرآمد کرتے ہوئے متعلقہ حکام نے مقررہ تاریخ کو قبر کشائی کا عمل مکمل کیا، ذرائع کے مطابق عابدہ پروین، جرار شاہ عرف باوشاہ اور محمد راشد کے خلاف مبینہ الزامات کے حوالے سے قانونی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

مسٹر شیخ عمران عباس کو بہترین کارکردگی پر شیلڈ پیش

کھاریاں سے راجہ سلطانی مسٹر شیخ عمران عباس کو بہترین کارکردگی پر شیلڈ پیش ایگزیکٹو ممبر گجرات چیمبر العمران سوئنگ مال، مین بازار کھاریاں) اسپیکر پنجاب اسمبلی محمد احمد خان سے بہترین کارکردگی پر شیلڈ اور ہردلعزیز کاروباری شخصیت شیخ عمران عباس (وصول کرتے ہوئے۔

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں داخلہ کے لئے ٹیسٹ خوشگوار ماحول میں منعقد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ضلعی انتظامیہ کے شاندار انتظامات کی بدولت یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کے زیر اہتمام میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں داخلہ کے لئے ٹیسٹ خوشگوار ماحول میں منعقد ہوا۔ ڈویژنل پبلک سکول و کالج اور گورنمنٹ کالج یونیورسٹی اولڈ کیمپس میں امتحانی مراکز قائم کئے گئے۔ مجموعی طور پر 5408 طالب علموں نے امتحان کے لئے رجسٹریشن کرائی۔ جی سی یونیورسٹی میں 3945 طالبات اور ڈی پی ایس میں 1463 طلباء شریک ہوئے۔ ضلعی و پولیس انتظامیہ کی طرف سے امتحانی مراکز میں انتظامی و حفاظتی اقدامات کو یقینی بنایا گیا۔ پارکنگ، والدین کے بیٹھنے کے سایہ دار انتظامات، پینے کا صاف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42)

میاں ممتاز احمد کے والد محترم کے وصال پر گیمبر پریس کلب اوکاڑہ کینٹ کی جانب سے تعزیتی اجلاس منعقد

گیمبر اوکاڑہ کینٹ (رانا عبدالستار نقیبی) میاں ممتاز احمد کے والد محترم کے وصال پر گیمبر پریس کلب اوکاڑہ کینٹ کی جانب سے تعزیتی اجلاس میں صدر خالد شاہین فریدی رانا عبدالستار نقیبی مہر خالد فرید قمر شہزاد بلوچ میاں کاشف محمود نعمان حنیف رائے آصف محمود دیگر دوستوں نے شرکت کی اجلاس میں سینئر صحافی روز نامہ پرمانیٹ نیوز لاہور ساہیوال کے چیف ایڈیٹر میاں ممتاز احمد کے والد محترم کے وصال پر دلی دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا اور دعا کی اللہ پاک مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

خواتین و بچوں کا تحفظ، ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خواتین و بچوں کا تحفظ، ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری، ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد کی ہدایت پر علامہ اقبال پبلک سکول میں آگاہی لیکچر (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

چنیوٹ: بیرسٹر بلال حیدر پولیس اہلکاروں کو آگاہی لیکچر دیتے ہوئے

سردار جمشید خان BPS-20 میں ترقی پا گئے، محنت و صلاحیت کا صلہ مل گیا

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں ٹکا سے) سردار جمشید خان BPS-20 میں ترقی پا گئے، محنت و صلاحیت کا صلہ مل گیا ایس ای آپریشن سرکل سیالکوٹ کی خدمات کا اعتراف، گیپکو افسران و ملازمین کی جانب سے مبارکباد، نئی ذمہ داریوں کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار ایس ای گیپکو سیالکوٹ سردار جمشید خان کو BPS-19 سے BPS-20 میں ترقی دے دی گئی۔ ان کی ترقی کو طویل محکمانہ تجربے، پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور ذمہ دارانہ خدمات کا اعتراف قرار دیا جا رہا ہے۔ ایس ای گیپکو سیالکوٹ سردار جمشید خان گیپکو میں مختلف اہم عہدوں پر خدمات انجام دے چکے ہیں اور فیلڈ آپریشنز، بجلی کی فراہمی، صارفین کے مسائل کے ازالے اور انتظامی امور میں وسیع تجربہ رکھتے ہیں۔ سیالکوٹ آپریشن سرکل جیسے اہم سرکل میں ان کی ذمہ داریاں بجلی کی فراہمی، فنی خرابیوں کے بروقت ازالے، لائن لاسز میں کمی اور فیلڈ اسٹاف کی نگرانی سمیت اہم امور پر مشتمل ہیں۔ ان کی BPS-20 میں ترقی پر گیپکو افسران، ملازمین، دوست احباب اور ساتھیوں نے دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ مبارکباد دینے والوں نے امید ظاہر کی کہ سردار جمشید خان اپنی نئی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 50)

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روائیت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے' نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔ ..... (جامع ترمذی)

اینکر پرسن فروہ وحید، جب لفظ مائیکروفون سے نکل کر دلیل کی روشنی بن جائیں

شام اپنے زرد ملبوس میں شہر کی پیشانی پر جھک رہی تھی۔
دور افق پر ڈوبتے ہوئے سورج کی آخری کرنیں یوں بکھری ہوئی تھیں
جیسے کسی قدیم مصور نے صدیوں پہلے سنہری رنگ سے کوئی نامکمل تصویر بنائی ہو اور پھر وقت کے سپرد کر دی ہو۔
شہر کے شور میں کہیں ایک ٹیلی ویژن اسکرین روشن ہوئی؛
کیمرہ خاموشی سے اپنی جگہ ٹھہرا، روشنی چہرے پر پڑی،
مائیکروفون سامنے آیا،
اور پھر ایک آواز نے سکوت کے سینے میں ایسی لکیر کھینچی
جس کے دونوں طرف سوال بھی تھے،
دلیل بھی،
تجزیہ بھی،
اور وہ بے نام سی جرأت بھی جو صحافت کو محض پیشہ نہیں رہنے دیتی بلکہ اسے عہد کے ضمیر کی زبان بنا دیتی ہے۔
اینکر بہت ہوتے ہیں، مگر ہر شخص جو کرسی پر بیٹھ کر سوال پوچھے،
لازماً صحافت کے مزاج کا امین نہیں بن جاتا۔
بعض آوازیں صرف اسٹوڈیو کی دیواروں تک محدود رہتی ہیں، بعض کی گونج خبر ختم ہونے کے ساتھ ماند پڑ جاتی ہے
،اور بعض آوازیں ایسی ہوتی ہیں
جن کے پیچھے محض لہجہ نہیں،
بلکہ وسیع مطالعہ،
مشاہدہ، فہم، سوال اور دلیل کی پوری ایک دنیا
سانس لے رہی ہوتی ہے۔
ملکی ٹیلی ویژن صحافت میں اپنی ایک نمایاں شناخت بنانے والی
اینکر پرسن فروہ وحید؛
جن کے ہاں اینکرنگ صرف گفتگو کا ہنر نہیں
بلکہ الفاظ کو فکر میں اور فکر کو سوال میں ڈھالنے کا فن بن جاتی ہے۔
لیکن یہاں یہ بات بھی پیشِ نظر رہنی چاہیے کہ
پاکستان کی ٹیلی ویژن صحافت کسی ایک نام،
ایک چہرے یا ایک آواز کی داستان نہیں۔ ہمارے ملک کے بے شمار مرد و خواتین اینکرز برسوں سے اس شعبے میں اپنی محنت،
تجربے،
مطالعے اور صلاحیت کے ساتھ بہت زبردست خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔۔۔۔
کسی نے سیاسی صحافت میں اپنی شناخت بنائی،
کسی نے معاشی اور سماجی مسائل کو موضوع بنایا،
کسی نے عوامی مسائل کو آواز دی
اور کسی نے مشکل حالات میں براہِ راست نشریات کی ذمہ داری نبھائی۔
یہ تمام اینکرز بہت خوب صورت انداز میں اینکرنگ کرتے ہوئے عوام کو باخبر رکھنے کی ذمہ داری نبھا رہے ہیں۔
ان سب کی محنت قابلِ احترام ہے۔۔۔
ناظر کو باخبر رکھنے کا یہ سفر صرف کیمرے کے سامنے بیٹھنے سے مکمل نہیں ہوتا۔
اس کے پیچھے تحقیق،
تیاری،
خبر کی تلاش، سوالات کی ترتیب، مسلسل مطالعہ
اور وقت کے ساتھ چلنے کی ایک مسلسل ریاضت موجود ہوتی ہے۔
صحافت کی دنیا میں سب سے دشوار کام خبر سنانا نہیں،
خبر کے پیچھے چھپے ہوئے سوال کو تلاش کرنا ہے۔
واقعہ سب دیکھ لیتے ہیں،
مگر واقعے کے باطن میں اترنے والی نگاہ کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے۔
سرخی ہر شخص پڑھ لیتا ہے،
مگر سرخی کے نیچے دفن حقیقت کو کھود نکالنے کے لیے ذہن کی وہ کدال درکار ہوتی ہے
جس پر مسلسل مطالعے، تجربے اور مشاہدے کی دھار چڑھی ہو۔
ایک صاحبِ نظر اینکر کی اصل شناخت یہی ہوتی ہے
کہ وہ محض یہ نہیں پوچھتا کہ کیا ہوا؟
بلکہ وہ یہ بھی پوچھتا ہے کہ کیوں ہوا،
کیسے ہوا،
کس کے مفاد میں ہوا، اس کے نتائج کیا ہوں گے،
اور اس کے پیچھے کون سا خاموش سوال کھڑا ہے؟

انتہائی تحمل مزاج، بردبار اور حوصلہ مند فروہ وحید کی اینکرنگ کو اسی میزان پر پرکھا جائے تو ان کے انداز میں محض مکالمے کی روانی نہیں بلکہ سوال کی تہذیب بھی دکھائی دیتی ہے۔
سوال جب تہذیب سے خالی ہو جائے
تو محض شور رہ جاتا ہے،
اور دلیل جب زبان سے رخصت ہو جائے تو بحث ایک بے سمت ہنگامہ بن جاتی ہے۔
مگر جب سوال میں شعور،
گفتگو میں وقار
اور دلیل میں وزن شامل ہو جائے
تو وہی ٹیلی ویژن کی نشست ایک فکری عدالت کی صورت اختیار کر لیتی ہے،
جہاں الفاظ گواہ بھی ہوتے ہیں
اور سوال خود شہادت بھی۔۔۔۔
فروہ وحید نے پنجاب یونیورسٹی سے میڈیا اسٹڈیز کی تعلیم حاصل کی
جبکہ ترکی کی یاموکلے یونیورسٹی میں ابلاغیات کا بھی مطالعہ کیا۔
ان کا عملی میڈیا سفر پنجاب یونیورسٹی کے کیمپس ریڈیو سے شروع ہوا،
جہاں انہوں نے بطور ریڈیو میزبان اپنے سفر کا آغاز کیا۔
بعد ازاں پاکستان ٹیلی وژن، دنیا نیوز، بانو نیوز اور سٹی نیوز نیٹ ورک سے وابستہ رہیں۔
ان کے صحافتی سفر میں خبریں پڑھنے، خصوصی نشریات، مختلف پروگراموں، اسٹوڈیو پروگراموں کی میزبانی شامل رہی۔
بعد ازاں چوبیس نیوز اور ایکسپریس نیوز سے بھی وابستہ رہیں اور جنوری ۲۲۰۲ء میں ایک نیوز سے وابستہ ہوئیں۔
یہ سفر بذاتِ خود اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ٹیلی ویژن صحافت میں ایک شناخت بنانے کے لیے صرف کیمرے کے سامنے موجودگی کافی نہیں ہوتی؛
اس کے لیے مسلسل محنت،
نئے موضوعات سے واقفیت، حالاتِ حاضرہ پر نظر اور بدلتے ہوئے میڈیا تقاضوں کے ساتھ خود کو ہم آہنگ رکھنا بھی ضروری ہے۔
صحافت کا ایک خوب صورت مگر دشوار اصول یہ بھی ہے کہ
صحافی کو ہر وقت اپنی رائے
اور خبر کے درمیان فاصلہ قائم رکھنا پڑتا ہے۔
رائے اپنی جگہ،
خبر اپنی جگہ،
تجزیہ اپنی جگہ
اور سوال اپنی جگہ۔
ان چاروں کو ایک ہی پیالے میں انڈیل دیا جائے تو صحافت کا ذائقہ بدل جاتا ہے۔۔۔۔۔
ایک پختہ صحافتی ذہن اسی لیے گفتگو میں فرق قائم رکھتا ہے
کہ کہاں اطلاع ہے، کہاں تجزیہ ہے
،کہاں سوال ہے
اور کہاں محض ایک امکان۔
فروہ وحید کے انداز کو اسی تناظر میں دیکھنا زیادہ مناسب ہوگا کہ وہ گفتگو کو محض آوازوں کا اجتماع بنانے کے بجائے ایک فکری مکالمے کی صورت دینے کی کوشش کرتی ہیں۔
ان کی اینکرنگ میں اگر سوال ہے تو اس کے ساتھ سننے کی صلاحیت بھی ہے؛
اگر اختلاف ہے تو اس کے ساتھ گفتگو کا دروازہ بھی کھلا رہتا ہے؛
اگر تبصرہ ہے تو اس میں موضوع کے مختلف زاویوں کو چھونے کی کوشش بھی دکھائی دیتی ہے۔۔۔۔
فروہ وحید کے لیے خراجِ تحسین کا پہلو صرف یہ نہیں کہ وہ کیمرے کے سامنے ایک مانوس چہرہ ہیں، بلکہ یہ ہے کہ انہوں نے اپنے اندازِ گفتگو کو اپنی پیشہ ورانہ شناخت کا حصہ بنایا ہے۔
ان کے لہجے میں شائستگی،
سوال میں قرینہ، گفتگو میں متانت
اور موضوع کو سمجھنے کی ایک سنجیدہ کوشش نمایاں دکھائی دیتی ہے
وہ بات کو محض آگے بڑھانے کے بجائے اسے ایک معنوی ربط دینے کی کوشش کرتی ہیں، یہی وصف ان کی میزبانی کو محض گفتگو نہیں رہنے دیتا بلکہ اسے ایک باوقار مکالمے کی صورت عطا کرتا ہے۔
میرے نزدیک فروہ وحید کی اصل خوبی یہی ہے کہ وہ مائیکروفون کو صرف آواز کی ترسیل کا ذریعہ نہیں سمجھتیں بلکہ اسے سوال،
فہم اور اظہار کی ایک ذمہ دار امانت کے طور پر برتنے کی کوشش کرتی ہیں۔
ان کے لیے یہی خراجِ تحسین ہے کہ انہوں نے اپنی محنت، مطالعے،
حاضر دماغی اور شائستہ اسلوب سے اسکرین پر اپنی ایک الگ شناخت قائم کی۔
اور یہی صحافت کا وہ مقام ہے جہاں مائیکروفون محض آلہ نہیں رہتا
،امانت بن جاتا ہے۔۔۔۔
ایک اینکر کی زبان سے نکلنے والا ایک جملہ کبھی کسی کی رائے بدل سکتا ہے،
کبھی کسی مسئلے کو قومی بحث کا حصہ بنا سکتا ہے،
کبھی کسی ادارے سے سوال پوچھ سکتا ہے اور کبھی کسی خاموش طبقے کی آواز بن سکتا ہے۔
اس لیے اینکر کی اصل طاقت اس کے لہجے کی بلندی نہیں،
اس کے سوال کی معنویت ہے۔
فروہ وحید کی شخصیت کا ایک خوب صورت پہلو ان کا لہجہ اور اندازِ گفتگو ہے۔
ان کی آواز میں اعتماد محسوس ہوتا ہے،
مگر یہ اعتماد غیر ضروری سختی یا بلند آہنگی کا محتاج نہیں۔
گفتگو میں روانی، سوال میں شائستگی اور مہمان کے ساتھ مکالمے کی فضا قائم رکھنے کی کوشش ان کی میزبانی کے نمایاں پہلوؤں میں شمار کی جا سکتی ہے۔
ایک میزبان کے لیے مہمان نوازی صرف مسکراہٹ یا رسمی خیر مقدم کا نام نہیں۔
اصل مہمان نوازی یہ ہے کہ سامنے بیٹھے شخص کو عزت دی جائے،
اسے اپنی بات مکمل کرنے کا موقع ملے اور اختلاف کے باوجود گفتگو کا وقار برقرار رہے۔ تو
خصوصی نشریات میں اس فن کی نوعیت مزید بدل جاتی ہے۔
وہاں سنجیدہ صحافتی گفتگو کے ساتھ اپنائیت،
خوش گوار ماحول، انسانی جذبات اور تہوار کی مناسبت کو بھی ساتھ لے کر چلنا پڑتا ہے۔

فروہ وحید کے صحافتی سفر میں خصوصی مواقع کی نشریات کی میزبانی کا تجربہ بھی شامل رہا ہے۔
رنے کا نام نہیں؛ یہ لوگوں کو اپنے حول پیدا کرتا ہے جہاں مہمان
ینے والا شخص نہیں رہتا
بلکہ ایک مکالمے کا شریک بن جاتا ہے،
اور ناظر صرف دیکھنے والا نہیں رہتا بلکہ گفتگو کا حصہ محسوس کرنے لگتا ہے
یہاں ایک بات خصوصی طور پر کہنا ضروری ہے کہ پاکستان کے تمام مرد و خواتین اینکرز ہماری توجہ اور احترام کے مستحق ہیں۔
ان میں سے ہر ایک کا انداز مختلف ہے، تجربہ مختلف ہے، موضوعات مختلف ہیں
اور سوال کرنے کا اسلوب مختلف ہے، مگر بہت سے اینکرز برسوں سے عوام کو باخبر رکھنے کی ذمہ داری نبھا رہے ہیں۔
کسی اینکر کی طاقت اس کے لہجے میں ہے، کسی کی تحقیق میں، کسی کی برجستگی میں،
کسی کی سنجیدگی میں اور کسی کی عوامی مسائل کو سمجھنے کی صلاحیت میں۔
ہمارے کئی سینئر اینکرز نے اس شعبے میں دہائیاں گزار کر نئی نسل کے لیے راستہ بنایا،
جبکہ نوجوان اینکرز نئے انداز،
نئی زبان
اور جدید تقاضوں کے ساتھ صحافت کے منظرنامے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔۔۔
خواتین اینکرز نے بھی پاکستانی میڈیا میں اپنی محنت اور صلاحیت سے ایک نمایاں مقام بنایا ہے۔
انہوں نے مشکل سیاسی مباحث سے لے کر سماجی موضوعات،
خصوصی نشریات، عوامی پروگراموں اور براہِ راست نشریات تک مختلف میدانوں میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔
یہ تمام لوگ کسی نہ کسی سطح پر ناظر اور خبر کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔
اور اس پل کی مضبوطی صرف اینکر کے چہرے سے نہیں، اس کی تیاری، معلومات، زبان، سوال اور ذمہ داری سے طے ہوتی ہے۔
فروہ وحید کے لیے خوب صورت الفاظ لکھتے ہوئے مجھے سب سے زیادہ خوب صورت یہی استعارہ محسوس ہوتا ہے کہ انتہائی ذہین،
حاضر دماغ اور محنتی
فروہ لفظوں کی باغبان ہیں۔
ان کے سامنے موضوع کی زمین ہوتی ہے، سوال اس میں بویا جانے والا بیج،
دلیل اس کی جڑ، گفتگو
اس کی شاخیں اور نتیجہ وہ پھول جو پروگرام کے اختتام پر ناظر کے ذہن میں کھلتا ہے۔
اگر سوال کمزور ہو تو شاخ سوکھ جاتی ہے۔ اگر دلیل نہ ہو تو پھول خوشبو سے محروم رہتا ہے۔
اور اگر گفتگو میں توازن نہ ہو تو پورا باغ شور میں تبدیل ہو جاتا ہے۔
ایک مہذب اینکر اختلاف کو مکالمے میں تبدیل کر سکتا ہے، اور یہی صحافت کی اعلیٰ ترین تہذیبوں میں سے ایک ہے۔۔۔۔
فروہ وحید کے صحافتی انداز میں یہی اسکرین پر موجود ایک شخصیت کے بجائے ہے جسے سننے والا محض الفاظ کے لیے نہیں زاویے سے دیکھنے کے لیے بھی سنتا ہے۔
اور پھر ان کے لہجے میں موجود وہ اعتماد،
جو چیخ سے نہیں، تیاری سے پیدا ہوتا ہے۔
یہ اعتماد کسی مصنوعی رعب کا نام نہیں۔
یہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب صحافی موضوع کو پڑھ چکا ہو۔
،سوال سوچ چکا ہو، ممکنہ جواب کا اندازہ رکھتا ہو
اور گفتگو کے اگلے موڑ سے بے خبر نہ ہو۔
کیمرے کے سامنے چند منٹ کی روانی کے پیچھے اکثر گھنٹوں کا مطالعہ چھپا ہوتا ہے جسے ناظر کبھی دیکھ نہیں پاتا۔
اسکرین صرف نتیجہ دکھاتی ہے؛
سفر نہیں۔
مائیکروفون صرف آواز سناتا ہے؛
تیاری نہیں۔
اور کیمرہ صرف چہرہ دکھاتا ہے
؛ذہن کی ریاضت نہیں۔
شاید یہی وجہ ہے کہ ایک اینکر کی اصل تعریف اس کے لباس، آواز یا
اسکرین پر موجودگی سے کہیں آگے جا کر اس کی فکری ساخت میں تلاش کی جانی چاہیے۔
فروہ وحید کے لیے لکھی جانے والی یہ سطریں بھی اسی فکری ساخت کو خراجِ تحسین پیش کرنے کی ایک کوشش ہیں۔
کیونکہ صحافت میں خوب صورتی تب معتبر ہوتی ہے
جب وہ فکر کے ساتھ چلتی ہے،
آواز تب مؤثر ہوتی ہے جب اس کے پیچھے دلیل ہو،
پاکستانی صحافت کے میدان میں کام کرنے والے ہمارے تمام اینکرز اور صحافیوں کے لیے سب سے بڑا اعزاز شاید یہی ہے کہ وہ ہر روز ایک ایسے معاشرے سے مخاطب ہوتے ہیں
جو سوال کرنا بھی جانتا ہے
اور جواب کا انتظار بھی کرتا ہے۔
یہ ذمہ داری آسان نہیں۔
ایک لمحے کی لغزش کبھی پورے پروگرام کا تاثر بدل سکتی ہے۔
ایک غیر محتاط جملہ کسی بحث کا رخ تبدیل کر سکتا ہے۔
اسی لیے صحافت میں الفاظ کا انتخاب محض زبان کا معاملہ نہیں
بلکہ ذمہ داری کا معاملہ ہے۔
یہی وجہ ہے کہ تجربہ کار اینکر وقت کے ساتھ یہ سیکھتا ہے کہ
کب سوال کو سخت رکھنا ہے،
کب لہجے کو نرم کرنا ہے،
کب مہمان کو مکمل بات کرنے دینی ہے، کب اختلاف کرنا ہے اور کب خاموشی بھی ایک مؤثر سوال بن سکتی ہے۔
فروہ وحید کی شخصیت کو بھی اسی وسیع صحافتی تناظر میں دیکھنا چاہیے۔
ان کی پیشہ ورانہ محنت،
مختلف اداروں میں کام کا تجربہ،
مختلف نوعیت کے پروگراموں کی میزبانی،
ان کا شائستہ لہجہ اور گفتگو میں مکالمے کی فضا قائم رکھنے کی کوشش ان کی اسکرین شخصیت کے قابلِ ذکر پہلو ہیں۔
مگر یہ مضمون صرف فروہ وحید کی تعریف نہیں۔
یہ ان تمام مرد و خواتین اینکرز کے نام بھی ہے
جو ہر روز کیمرے کے سامنے یا کیمرے کے پیچھے صحافت کی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔
ان خواتین کے نام جو خبر گاہ میں گھنٹوں کام کرتی ہیں۔
ان مرد اینکرز کے نام جو براہِ راست پروگرام کرتے ہیں۔
ان نوجوان صحافیوں کے نام جو رات گئے تک خبر کے پیچھے بھاگتے ہیں۔
ان سینئر صحافیوں کے نام جنہوں نے اپنی زندگیاں اس شعبے میں گزار دیں۔
اور ان تمام میڈیا کارکنوں کے نام جن کی محنت کے بغیر اسکرین پر چند منٹ کی نشریات بھی ممکن نہیں۔
صحافت کسی ایک چہرے کا نام نہیں۔
یہ بہت سے ذہنوں، بہت سے قلموں،
بہت سی آوازوں اور بہت سے لوگوں کی مشترکہ محنت ہے۔
فروہ وحید بھی اس وسیع قافلے کی ایک آواز ہیں
،اور پاکستان کے دیگر تمام قابل، محنتی اور باخبر اینکرز بھی اسی قافلے کے اہم مسافر ہیں۔
ایک دن شاید یہ کیمرے بدل جائیں گے، اسٹوڈیوز کی روشنیاں بدل جائیں گی،
پروگراموں کے نام بدل جائیں گے،
مگر جو صحافی اپنے عہد کے سوالات کو دیانت، شعور اور دلیل کے ساتھ چھو جائے، اس کا کام وقت کی فائلوں میں صرف ایک نشریہ
بن کر نہیں رہتا۔
وہ ایک شہادت بن جاتا ہے۔
اپنے عہد کی
اپنے سوالوں کی، اپنی گفتگو کی
،اور شاید اپنے معاشرے کی بھی۔
اور شاید فروہ وحید کے صحافتی سفر کو بھی اسی زاویے سے دیکھنا چاہیے۔
ایک ایسی آواز کے طور پر جو کیمرے کے سامنے آتی ہے تو محض پروگرام شروع نہیں ہوتا؛
ایک مکالمہ شروع ہوتا ہے۔
ایک ایسا مکالمہ جس میں سوال بھی ہیں، دلیل بھی،
اختلاف بھی
بی، تجزیہ بھی
،تبصرہ بھی،
اور سب سے بڑھ کر وہ شعوری بے قراری بھی جو کسی زندہ صحافت کی سب سے بڑی علامت ہے۔ پاکستان پائندہ باد

پاور سسٹم میں سنگل خریدار کی بجائے مسابقتی نظام کی منتقلی کی جانب اہم پیش رفت

پاور سسٹم میں ایک اور انقلابی نظام کا آغاز ہو گیا جس کے تحت اب بجلی صارفین اپنی مرضی سے بجلی خریدنے کے قابل ہوں گے پاور سسٹم میں سنگل خریدار کی بجائے مسابقتی نظام کی منتقلی کی جانب اہم پیش رفت ہوئی جب کہ ملکی تاریخ کی پہلی ویلنگ نیلامی کے لیینو اہشمند اداروں سے تجاویز مانگ لی گئیں۔ پاور ڈویژن نے بجلی کی نیلامی کے لیے ریکوئسٹ فار پروپوزل جاری کر دیا گیا، یہ عمل بجلی کی خرید و فروخت کا دو طرفہ مسابقتی نظام سی ٹی بی سی ایم کے تحت کیا جا رہا ہے۔ نیلامی کے ذریعے کاروباری ادارے اور صنعتیں مسابقتی بنیادوں پر پاور پلانٹس سے بجلی خرید سکیں گے، آئندہ پانچ سال میں آٹھ سو میگاواٹ بجلی کی نیلامی کی جائے گی، پہلی نیلامی میں چار سو میگاواٹ نیلامی کے لیے پیش کئے جا رہے ہیں۔ وزیر توانائی اویس لغاری نے نیلامی کے آغاز پر وزیر اعظم اور قوم کو مبارکباد دی، اویس لغاری نے کہا کہ اسوقت حکومت ایک نظام کے تحت بجلی خرید کر عوام تک پہنچاتی ہے، بجلی کی خریداری کی شرائط کے حوالے سے عوام کے ہمیشہ سوالات رہے ہیں، آئی پی پیز کا نام آج بدنام ہو چکا ہے۔ وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا کہ حکومت آج سے بجلی کی خریداری سے عملی طور پر باہر ہو رہی ہے، کسی کو حق نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید و فروخت کریں گے۔ وزیر توانائی نے کہا کہ بجلی کی خرید و فروخت کا نظام شفافیت پر مبنی ہوگا، اس نظام کا اطلاق سب سے پہلے صنعتی یا بڑے صارفین پر ہوگا، آنے والے سالوں مین بجلی کی ایک منڈی بنے گی، اس نظام کے تحت ایک عام صارف بھی اپنی مرضی سے بجلی خرید سکے گا۔ اویس لغاری نے کہا کہ اب حکومت بجلی خرید کر زبردستی اپنے ریٹس پر عوام کو نہیں بیچ سکے گی، پہلے مرحلے میں ایک میگاواٹ سے بڑے صارفین اس سے مستفید ہوں گے، سستی بجلی ملنے سے انڈسٹری عالمی منڈی میں مسابقت برقرار رکھ پائے گی، ہماری صنعتیں عالمی منڈیوں میں اپنی مصنوعات برآمد کر سکیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ جو وعدے کئے تھے وہ پورے کر رہے ہیں پوری قوم اور وزیر اعظم کو اس کی مبارکباد دیتے ہیں۔ جبکہ ملک میں ایندھن کا ذخیرہ کم ہونے کی وجہ سے پیٹرول اور ڈیزل کے بحران کا خطرہ پیدا ہو گیا۔ آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل (اوسی اے سی) نے وفاقی وزیر پیٹرولیم اور چیئرمین اوگرا کو ہنگامی خط لکھ دیا، جس میں سرمایے کی قلت کے باعث پیٹرول اور ڈیزل کی خریداری متاثر ہونے سے خبردار کیا گیا ہے۔ اوسی اے سی کے مطابق ملک میں پیٹرول کا صرف 18 دن جبکہ ڈیزل کا 27 دن کا ذخیرہ باقی رہ گیا ہے۔ تیل منگوانے کے لیے دستیاب سرمایہ مسلسل کم ہو رہا ہے، جس کے باعث ملک میں تیل کے اسٹریٹیجک ذخائر برقرار رکھنا بھی مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ حکومت پر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے 166 ارب 70 کروڑ روپے واجب الادا ہیں۔ یہ بھاری رقم پرائس ڈیفرینشیل کلیمز اور مارجن کی مد میں پھنسی ہوئی ہے، جس سے کمپنیوں کی مالی مشکلات میں اضافہ ہو رہا ہے۔ آئل کمپنیز ایڈوائزری کونسل کے مطابق آئل مارکیٹنگ کمپنیاں اپنے اسٹاک سے پیٹرول اور ڈیزل فروخت کر کے بینکوں اور سپلائرز کو ادائیگیاں کر رہی ہیں۔ حکومت کی جانب پھنسی ہوئی رقم پیٹرول کے تقریباً 5 کارگوز کے برابر ہے۔ اوسی اے سی کے جنرل سیکریٹری ناظر عباس زیدی نے کہا کہ واجبات کی ادائیگی کے لیے 15 دن کا وعدہ کیا گیا تھا، تاہم 6 ماہ گزرنے کے باوجود یہ وعدہ پورا نہیں ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ اوگرا کے سامنے بھی اس معاملے پر شنوائی نہیں ہو رہی۔ اوسی اے سی نے خط میں مطالبہ کیا ہے کہ اوگرا فوری طور پر کلیمز کی رقم جاری کرے تا کہ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو درپیش سرمایے کی قلت دور کی جا سکے اور پیٹرول و ڈیزل کی خریداری متاثر نہ ہو۔

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

فوڈ اتھارٹی ٹیموں کے کریک ڈاؤنز جاری، متعدد شکنجے میں آ گئے

کارروائیوں کے دوران 18 فوڈ آٹ لیٹس کو مجموعی طور پر 3 لاکھ 76 ہزار روپے جرمانہ عائد، مضر صحت اشیا تلف

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایت پر پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ملاوٹ، غیر معیاری اور مضر صحت اشیائے خورونوش کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے ضلع بھر میں 137 فوڈ پوائنٹس کا معائنہ کیا، کارروائیوں کے دوران 18 فوڈ آٹ لیٹس کو مجموعی طور پر 3 لاکھ 76 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے۔ جبکہ دودھ بردار گاڑی کے خلاف کارروائی کے دوران 1 ہزار 500 روپے جرمانہ کیا گیا، دورانِ کارروائی 3 اشیا کے نمونے بھی حاصل کیے گئے۔ جرمانے کا سامنا کرنے والے فوڈ آٹ لیٹس میں ایمن آبادی برنی اینڈ سویٹس، بریڈ وے، ایچ آر فریش فوڈ، مہر جی ہوٹل، سعادت ٹریڈرز، صدام بیکری پروڈکشن یونٹ، محبوب فوڈ، جلال وڑائچ آئس، کوئٹہ آغا ہوٹل، بسم اللہ ہوٹل، محسن بیکری، صدام ڈرائی فروٹ شاپ، مہر ملک شاپ، سپر کوئٹہ محفل چائے پراٹھا، یادگار نان کارنر، ہارون سویٹس شاپ، باد جی جنرل سٹور اور شاہد میٹ بائی پروڈکٹس شامل ہیں۔ کارروائیوں کے دوران 60 لیٹر دودھ، 29.34 کلوگرام زائد المیعاد اشیائے خورونوش، 10 لیٹر مضر صحت تیل، 10 کلوگرام سمنفیکشنری اور 10 کلوگرام ممنوعہ اشیا تلف کی گئیں۔ علاوہ ازیں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیموں نے 41 دودھ بردار گاڑیوں کی چیکنگ کرتے ہوئے مجموعی طور پر 6 ہزار 845 لیٹر دودھ چیک کیا، جبکہ خلاف ورزی پر ایک گاڑی کو 1 ہزار 500 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ فوڈ سیفٹی قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور شہریوں کو معیاری و محفوظ اشیائے خورونوش کی فراہمی کیلئے کارروائیاں مزید مؤثر بنائی جائیں۔

پہلوانوں کے شہر سے

افتخار احمد چوہان

GUJRANWALA

حکم امتناعی کی آڑ میں آلودگی پھیلانے والے متعدد غیر قانونی پائرولائسز پلانٹس سیل

ایف آئی آر درج

خصوصی آپریشن میں انوائرنمنٹ پروٹیکشن فورس، پیرا فورس کامونکی، ستھرا پنجاب کامونکی اور گیپکو کی ٹیموں نے حصہ لیا، بجلی کنکشن بھی منقطع کر دیئے گئے، کارسرکار میں مداخلت پر مالکان کے خلاف مقدمات درج کروا دیئے گئے

پائرولائسز پلانٹس سے پیدا ہونے والا دھواں اور ماحولیاتی آلودگی قریبی آبادیوں کیلیسنگین ماحولیاتی مسئلہ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائینگی، انجینئر محمد عمران میو

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر وڈپٹی کمشنر کی ہدایت پر ڈپٹی ڈائریکٹر اے پی ایا انجینئر محمد عمران میو کی نگرانی میں چار محکموں کا مشترکہ آپریشن۔ تفصیلات کے مطابق کمشنر محمد علی وڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ تحفظ ماحول انجینئر محمد عمران میو کی نگرانی میں غیر قانونی پائرولائسز پلانٹس کے خلاف خصوصی آپریشن کیا۔ انوائرنمنٹ پروٹیکشن فورس، پیرا فورس کامونکی، ستھرا پنجاب کامونکی اور گیپکو کی مشترکہ ٹیموں نیبیگ پور روڈ سادھوکی، تاتحصیل کامونکی اور موضع اڑتالی ورکاں، تحصیل نوشہرہ ورکاں میں کارروائیاں کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی پائرولائسز پلانٹس کو سیل کرتے ہوئیمالکان کیخلاف مقدمات کا اندراج بھی کروادیا گیا ڈپٹی ڈائریکٹر انوائرنمنٹ انجینئر محمد عمران میو کی نگرانی میں ہونیوالے آپریشن کے دوران عدنان جعفر کے پائرو پلانٹ کو سیل کیا گیا جبکہ مالک کیخلاف کارسرکار میں مداخلت پر مقدمہ درج کروادیا گیا۔ گیپکو حکام نے مذکورہ پلانٹ کا بجلی کا کنکشن بھی منقطع کر دیا ہے، جبکہ موضع اڑتالی ورکاں میں چلنیوالے پلانٹ کو سیل کر کے مالک فیصل خالد کے خلاف تھانہ تتلے عالی میں مقدمہ درج کروادیا گیا۔ محکمہ تحفظ ماحولیات کے مطابق مذکورہ پلانٹس کے مالکان کو اس سیقبل متعدد بار قانونی نوٹسز جاری کیے گئے، ایف آئی آر ز درج کی گئیں اور پلانٹس کو سیل بھی کیا گیا، تاہم بعض عناصر کی جانب سے سرکاری سیل توڑ کر دوبارہ غیر قانونی سرگرمیاں شروع کر دی جاتی تھیں۔ محکمہ تحفظ ماحولیات کے مطابق متعلقہ افراد کی جانب سے عدالت سے رجوع کیا گیا اور حاصل کیے گئے حکمِ امتناعی میں بھی پلانٹس چلانے کی اجازت موجود نہیں تھی، اس کے باوجود غیر قانونی سرگرمیاں جاری رکھنے اور شہریوں کی جانب سے ماحولیاتی آلودگی سے متعلق شکایات میں اضافے کے بعد خصوصی آپریشن ناگزیر ہو گیا تھا۔ محکمہ تحفظ ماحولیات کے حکام کا کہنا ہے کہ پائرولائسز پلانٹس سے پیدا ہونے والا دھواں اور ماحولیاتی آلودگی قریبی آبادیوں کے لیے سنگین ماحولیاتی مسئلہ بن سکتی ہے، اس لیے ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ ماحولیات انجینئر محمد عمران میو نے واضح کیا کہ کسی کو بھی غیر قانونی سرگرمیوں اور ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دی جائے گی، جبکہ سرکاری کارروائی میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆☆☆☆☆

ایم ڈی سی اے ٹی دو امتحانی مراکز میں 1964 طالبات سمیت 2494 امیدواروں کی شرکت

میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں داخلوں کیلیے میڈیکل و ڈینٹل کالج داخلہ ٹیسٹ (MDCAT) کا امتحان اتوار کے روز ملک بھر کی طرح گوجرانوالہ میں بھی منعقد ہوا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) میڈیکل و ڈینٹل کالجز میں داخلوں کیلیے میڈیکل و ڈینٹل کالج داخلہ ٹیسٹ (MDCAT) کا امتحان اتوار کے روز ملک بھر کی طرح گوجرانوالہ میں بھی منعقد ہوا، جس کے لیےضلع میں دو امتحانی مراکز قائم کیے گئے تھے۔ پنجاب یونیورسٹی گوجرانوالہ کیمپس میں 530 طلبا جبکہ قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول و کالج میں 1964 طالبات امتحان میں شریک تھیں، مجموعی طور پر رجسٹرڈ 2571 امیدواروں میں سے 2494 امیدوار امتحانی عمل میں شریک ہوئے جبکہ کیو ڈی پی ایس سنٹر سے 60 اور پنجاب یونیورسٹی گوجرانوالہ کیمپس سے 17 امیدوار غیر حاضر رہے۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے پنجاب یونیورسٹی گوجرانوالہ کیمپس اور قائداعظم ڈویژنل پبلک سکول

بعدالت جناب نوید احمد گھمن صاحب سول جج درجہ اول ملکوال

۔درخواست جانشینی ۔نذیراں بی بی وغیرہ بنام عوام الناس۔اشتہار بنام ۔نذیراں بی بی بیوہ محمد اقبال،صاء اقبال دختر محمد اقبال اقوام کاسبی سکنائے بوسال مصور تحصیل ملکوال ضلع منڈی بہاؤالدین بنام عوام الناس ۔درخواست مندرجہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 25-09-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بخدمت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان۔اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج پیدائش

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی ممتاز احمد ولد محمد شریف قوم کھرل سکنا چک محمود نگر گردھاری والا غربی بہاولنگر نے اپنے حقیقی بہن نصرت پروین تاریخ پیدائش مورخہ 01-07-1986 کا لیٹ اندراج پیدائش کروانے اور پیدائش سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے درخواست دفتر یونین کونسل نمبر 55 رب نواز پورہ بہاولنگر میں گزاری ہے۔عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو نصرت پروین کی تاریخ پیدائش مورخہ 01-07-1986 پر کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے دس یوم کے اندر اپنا تحریری عذر و اعتراض دفتر یونین کونسل نمبر 55 موضع رب نواز پورہ/ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر کو دفتر حاضر آ کر جمع کروائے۔بعد از میعاد اخبار اشتہار پیدائش کا سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔رجسٹرار/اہلکار پیدائش، اموات، نکاح، طلاق، یونین کونسل نمبر 55 رب نواز پورہ تحصیل وضلع بہاولنگر

Cr..Raja Kokab

لیٹ اندراج تاریخ پیدائش برائے ریکارڈ یونین کونسل نمبر 33 جھلن ارائیاں بہاول نگر

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا ہے کہ محمد کاشف ولد اللہ دتہ نے درخواست گزاری ہے کہ عظمی بی بی دختر اللہ دتہ 01.02.2003 یہ میری حقیقی بہن ہے اس سے پہلے لاعلمی کی بنا پر یونین کونسل میں اندراج نہ کروایا ہے نہ ہی درج ہے لہذا مذکورہ لیٹ اندراج تاریخ پیدائش کے بارے میں اگر کسی کو کوئی عذر و اعتراض ہو تو اندر دس یوم اشتہار اخبار ہذا ہمراہ ثبوت از ا دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ بہاول نگر/ یونین کونسل میں جمع کروائیں معیاد گزرنے کے بعد کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

المشتہر۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاول نگر

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب محمد نعیم صاحب سول جج درجہ اول فیملی کورٹ پھالیہ تحصیل پھالیہ

عنوان: محمد ریاض بنام محمد الیاس وغیرہ

دعویٰ: حکم امتناعی دوامی

اشتہار بنام: محمد الیاس۔اعجاز احمد پسران محمد خان۔صفیہ بی بی۔رقیہ بی بی دختران محمد خان اقوام جٹ سا کنائے کالا شادیاں تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین

ہرگاہ مدعا علیہم/مسئول علیہم کو نوٹس۔رجسٹری d/a کے ذریعہ سے تعمیل ہونا ممکن نہ ہے لہذا مشکل ہے۔اس لیے مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 26-09-2026 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت ھذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ورنہ آپکے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

یہ اشتہار بحکم عدالت ھذا جاری ہوا ہے۔

Cr..FSd

بعدالت جناب یاسر مشتاق ساہی صاحب سول جج گوجرانوالہ،

درخواست حصول سرٹیفکیٹ گارڈین

منجانب سمیع اللہ ولد محمد خالد سا کن گلی نمبر A بلاک ڈبلیو محلہ پیپلز کالونی گوجرانوالہ، بنام عوام الناس

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 21-ستمبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا

Cr..AM

بعدالت جناب فہد خان ڈاہر صاحب سول جج درجہ اول وفیملی کورٹ ہارون آباد

عنوان مقدمہ رضیہ بی بی وغیرہ بنام 1۔احسان علی ولد دلاور 2۔بشیراں بی بی زوجہ دلاور قوم سلہ برادری سکنہ اضافی بستی رونی ٹاؤن محلہ لائن پارفورٹ عباس

دعوی خرچہ نان ونفقہ وغیرہ

ہرگاہ مدعا علیہم کو متعدد بار بذریعہ سمن طلب کیا گیا مگر تعمیل عام طریقہ سے مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مدعیان نے آپ کے خلاف دعوی عنوان بالا دائر کیا ہے آپ بتقرر 24/9/2026 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً وکالتاً عدالت میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔آج بدستخط مہر عدالت جاری کیا ہے

BhattiCr.Bashir

انتقالِ وراثت

اطلاع عام مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی خالق حسین طاہر باجوہ سکنہ 184 سیون آر تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔مرحوم کی قانونی اور شرعی وراثت درج ذیل ورثاء ۱ میں تقسیم کی جانی مطلوب ہے، پروین اختر (بیوہ)، عمران خالق (بیٹا)، محمد کامران خالق (بیٹا)، ارم نوشین (بیٹی)، اگر کسی شخص، ادارے یا وارث کو مرحوم خالق حسین طاہر باجوہ کے ذکر کردہ ورثاء ۱ یا ان کے حقِ وراثت پر کسی قسم کا اعتراض یا دعویٰ ہو، تو وہ یہ اشتہار شائع ہونے کے 7 دن کے اندر اپنے تحریری اعتراضات مع دلائل وثبوت درج ذیل پتہ پر جمع کروائے۔میعاد ختم ہونے کے بعد کوئی بھی عذر یا اعتراض قابلِ قبول نہ ہوگا اور وراثت کی قانونی کاروائی بمطابق قانون مکمل کر دی جائے گی۔

المشتہر: ورثاء مرحوم خالق حسین طاہر باجوہ پتہ: ۱ سکنہ 184 سیون آر تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاولنگر

C/o..RM

بعدالت جناب رائے محمد شبریز خان صاحب سول جج منڈی بہاؤالدین

۔دعویٰ تنسیخ نکاح۔ثمرہ صنم بنام قاسم علی۔اشتہار بنام ۔قاسم علی ولد محمد ارشد سکنہ لکھنے والا حال مقیم واسو بدھو چوک تحصیل و ضلع منڈی بہاؤالدین۔دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل ہونا آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 24-09-2026 کو عدالت حضور میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا جواب دیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..AM

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج پیدائش

اشتہار بنام:- مسمی رئیس احمد ولد محمد سعید سا کن یاور سٹریٹ نزد مکی مسجد بہاولنگر، نے اپنے حقیقی بھائی محمد ایان تاریخ پیدائش مورخہ 10-09-2008 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لیے درخواست دفتر رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔اگر کسی شخص کو محمد ایان کی تاریخ پیدائش مورخہ 10-09-2008 کے بارے میں عذر و اعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم دفتر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کیو نٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر میں حاضر آ کر اپنا تحریری طور پر بیان/اعتراض داخل کروائے، بعد از معیاد اخبار اشتہار مذکورہ پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا، اور آپ کا کوئی عذر و اعتراض قابل قبول ہوگا۔

مکمل کریں، پمز کے بعد پولی کلینک کو بھی ہائی الرٹ کر دیا گیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق میڈیکل اور نان میڈیکل شعبوں کے سربراہان کو کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ہسپتال میں موجود رہنے کی ہدایت کی گئی ہے، جبکہ طبی عملے کی چھٹیوں پر پابندی عائد کردی گئی ہے، ایمرجنسی، ٹراما سینٹر، آئی سی یو، سرجری، بلڈ بینک اور آپریشن تھیٹرز میں اضافی اسٹاف کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ	سحر	12

24 ستمبر منعقد ہونے والے ''دسٹین ایبل ڈویلپمنٹ امپیکٹ میٹنگز 2026'' میں شرکت کے لئے نیویارک چلے گئے ہیں

بقیہ	سحر	13

سائٹس رواں سال کے اختتام تک فعال کر دی جائیں گی، جس کے بعد فعال سائٹس کی مجموعی تعداد ستائیس ہو جائے گی۔ تیز رفتار فائیو جی ٹیکنالوجی کے نفاذ سے سیاحت، تعلیم، صحت، کاروبار اور عوامی خدمات کی فراہمی سمیت مختلف شعبوں میں نئے مواقع پیدا ہوں گے اور ترقی کو فروغ ملے گا۔

بقیہ	سحر	14

جاری ثالثی کی کوششوں سے متعلق کسی مخصوص امریکی پیغام کے تبادلے سے آگاہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پڑوسی ملک پاکستان کے ساتھ ہمارے بہت اچھے تعلقات ہیں جو دن بدن فروغ پا رہے ہیں، خاص طور پر گزشتہ چند مہینوں میں تمام شعبوں میں تعلقات مستحکم ہوئے ہیں۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ اچھی ہمسائیگی کی حکمت عملی کے تحت ہماری پالیسی یہ کہ ثقافتی، تاریخی اور مشترکہ رشتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے باہمی تعلقات کو زیادہ سے زیادہ مضبوط بنایا جائے۔

بقیہ	سحر	15

یومیہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوگا۔ اسلام آباد میں گفتگو کرتے ہوئے وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ مارچ اور ہڑتالوں سے معاشی ترقی کا سفر رک سکتا، موجودہ حالات میں مارچ اور دھرنے سمجھ سے بالاتر ہیں، معاشی سرگرمیوں میں تعطل سے اربوں روپے کا نقصان ہوسکتا ہے، دھرنوں اور احتجاج سے نقصان کا اثر عوام پر پڑے گا، دیہاڑی دار طبقہ اور چھوٹے کاروبار بری طرح متاثر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے مشرق وسطیٰ کی صورتحال کا اثر پڑ رہا ہے، سپلائی چین میں خلل، فریٹ اور انشورنس اخراجات میں اضافہ عالمی تجارت کو متاثر کر رہا ہے، اخراجات میں کمی لائی جا رہی ہے۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ترسیلاتِ زر میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، زرمبادلہ کے ذخائر ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ چکے ہیں، ہمارا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہے، پُر امید ہیں معاشی ترقی کے سفر میں مزید تیزی آئے گی۔ وفاقی وزیرِ خزانہ نے مزید کہا کہ دشمن قوتیں ملک میں ہونے والی دہشت گردی کے پیچھے ہیں۔

بقیہ	سحر	16

پر قربان ہوا، دوسرا بیٹا بھی پاکستان کے لیے حاضر ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید حمزہ نے ہمارا سر فخر سے بلند کر دیا ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں، پاکستان نہیں تو کچھ نہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ آپ جیسے عظیم والد کے حوصلے پر پوری قوم کو ناز ہے، شہید کیپٹن حمزہ اکرم کا غیر معمولی جرات اور بلند جذبہ ہی قوم کی اصل طاقت ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ کیپٹن حمزہ اکرم نے 7 خوارجیوں کو جہنم واصل کر کے بہادری کی اعلیٰ مثال قائم کی، شہید کیپٹن حمزہ اکرم سمیت ہر شہید کے خون کا ایک ایک قطرہ وطن کے تحفظ کی ضمانت ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ قوم شہید کیپٹن حمزہ اکرم اور ان کے خاندان کی قربانیوں کا قرض ادا نہیں کر سکتی۔ شہید کیپٹن حمزہ ہمارے دلوں میں زندہ ہیں اور ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ واضح رہے کہ کیپٹن حمزہ اکرم ہنگو میں خوارجیوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہوئے تھے۔

بقیہ	سحر	17

مواقع کے لیے بھی عالمی توجہ کا مرکز بن چکا ہے، پاکستان میں جدید ٹیکنالوجی کا ممتاز اور عالمی معیار کا ایونٹ آئی ٹی سی این ایشیا 22 سے 24 ستمبر کو کراچی میں منعقد ہوگا۔ نمائش کا انعقاد ایس آئی ایف سی، وزارتِ قومی صحت اور ای کامرس اینڈ گیٹ وے کے اشتراک سے کیا جا رہا ہے۔ نمائش میں 800 سے زائد بوتھ، 3 ہزار 500 عالمی برانڈز اور 75 ہزار سے زائد تجارتی شرکا شرکت کریں گے، جبکہ 350 سے زائد عالمی مندوبین، سرمایہ کار اور 850 سے زائد حکومتی رہنما بھی ایونٹ میں شریک ہوں گے۔ تین روزہ ایونٹ میں سرمایہ کاری رابطوں، کاروباری ملاقاتوں، اے آئی، سائبر سکیورٹی اور اسٹارٹ اپس پر خصوصی سیشنز ہوں گے۔

بقیہ	سحر	18

مکمل کرنے کے بعد واپس روانہ ہوئی۔ جیل ذرائع نے بتایا کہ بانی پی ٹی ٹی کے بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور آنکھوں سمیت مکمل طبی معائنہ کیا گیا، میڈیکل ٹیم کی سربراہی پمز اسپتال کے ڈاکٹر عارف خان کر رہے تھے۔ جیل ذرائع کے مطابق میڈیکل ٹیم کو اڈیالا جیل اسپتال کے طبی عملے کی بھی معاونت حاصل تھی۔ خیال رہے کہ اس سے قبل بھی پمز اسپتال کے ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم اڈیالہ جیل میں عمران خان کا طبی معائنہ کر چکی ہے۔

بقیہ	سحر	19

کے ساتھ معاشی استحکام، مہنگائی میں کمی، سماجی نظم اور ترقی کے اہداف پر بھی یکساں توجہ دینا ہوگی، مشکل حالات کے باوجود کاروباری برادری کی جانب سے سرمایہ کاری اور معاشی سرگرمیوں کا جاری رکھنا امید کی علامت ہے۔ گجرات چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نومنتخب عہدیداران کی تقریبِ حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران پاکستان نے مؤثر دفاعی صلاحیت کا مظاہرہ کیا، جس سے دنیا نے پاکستان کی عسکری اور تکنیکی استعداد کو دیکھا۔

بقیہ	سحر	20

کامیاب کارروائی پر اظہارِ تشکر کیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ مریم نواز شریف نے 5 دہشت گردوں کی ہلاکت اور 23 مغوی بحفاظت بازیاب کرانے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔

بقیہ	سحر	21

انجینئرنگ کی صلاحیتوں، ٹیکنالوجی کی منتقلی، مقامی پیداوار اور ملکی سپلائرز کے وسیع نیٹ ورک کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ہفتہ کے روز لاہور کے ایک مقامی ہوٹل میں پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹو موٹو پارٹس اینڈ ایکسیسریز مینوفیکچررز کے زیرِ اہتمام پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو کی تقریبِ تقسیمِ انعامات وعشائیہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ چیئرمین سینیٹ نے آٹو موٹو اور انجینئرنگ کے شعبے سے وابستہ نمایاں شخصیات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایوارڈ حاصل کرنے والے تمام افراد مبارکباد کے مستحق ہیں

بقیہ	سحر	22

۔ آئی ایس پی آر کے مطابق متفق کے دوران آپریشنل تیاری، امن سے جنگی صورتحال میں منتقلی کی صلاحیت کو جانچا جا رہا ہے، جنگ کے بدلتے انداز کو مدنظر رکھتے ہوئے رواں سال کی مشق میں انفارمیشن انوائرنمنٹ میں آپریشنز شامل کیا گیا ہے۔ مشق سی اسپارک میں ملٹی ڈومین آپریشنز اور بغیر پائلٹ نظاموں کا وسیع پیمانے پر استعمال شامل ہے۔ نیول چیف نے جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، بلند حوصلے، آپریشنل تیاری اور ناقابلِ تسخیر رہنے کے عزم کو سراہا۔

بقیہ	سحر	23

کے نمائندے شرکت کریں گے۔ ترجمان کے مطابق موسمیاتی خطرات اور مستقبل کے چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مؤثر ذہنی صحت کا نظام سمٹ کا مرکزی موضوع ہے۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وزیرِ مملکت برائے صحت ڈاکٹر مختار بھرتھ نے کہا کہ پاکستان میں ذہنی، اعصابی اور منشیات کے استعمال سے متعلق بیماریوں کا بوجھ نمایاں ہے

بقیہ	سحر	24

کہا ہے کہ دہشت گردوں کی جانب سے شہریوں کی نقل وحرکت متاثر کرنے کی کوشش ناکام بنانا سکیورٹی فورسز کی بروقت اور موثر کارروائی کا ثبوت ہے۔ وزارت ریلوے سے اتوار کو جاری بیان میں محمد حنیف عباسی نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کی بہادری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے قلات میں کارروائی کے دوران 5 دہشت گردوں کو ہلاک اور مغوی افراد کو بحفاظت بازیاب کرانے پر سکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سرزمین پر امن و سلامتی کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کا بھرپور مقابلہ کیا جائے گا، دہشت گرد اپنے ناپاک عزائم میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ محمد حنیف عباسی نے کہا کہ دہشت گردوں کے قبضے سے ٹرک، بسیں اور دیگر گاڑیاں بازیاب کرانا سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی ہے۔ وزیر ریلوے نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک ریاست اور قوم متحد ہو کر اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہیں۔

بقیہ	سحر	25

کے عمل میں اہم پیش رفت کے تحت ملک کی پہلی وہیلنگ نیلامی کیلئے آر ایف پی جاری کر دیا گیا ہے

بقیہ	سحر	26

کوشاں ہیں، نوجوانوں کو عالمی معیار کے ہنر سے آراستہ کرنا ناگزیر ہے، آٹو انڈسٹری پاکستان کی صنعتی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، ملکی معاشی ترقی کا مستقبل پیداواری اور مینوفیکچرنگ صنعت کے فروغ، برآمدات میں اضافے، تحقیق وترقی، جدت اور عالمی معیار کی مسابقتی صلاحیت سے وابستہ ہے۔

بقیہ	سحر	27

تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عزیز واقارب کی جدائی ایک ناقابلِ تلافی صدمہ ہے جسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اس مشکل گھڑی میں وہ ایم بی سومرو اور ان کے اہلِ خانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے اللہ تعالیٰ سے مرحوم کے درجات کی بلندی اور سوگوار خاندان کو اس ناقابلِ تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبرِ جمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ	سحر	28

حل کے لیے احکامات جاری کیے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے اتوار کو یہاں جاری بیان کے مطابق وزیرِ مملکت بلال اظہر کیانی نے ضلعی انتظامیہ کے حکام کے ہمراہ پٹرول پمپس کے دورے کے دوران شہریوں سے بات چیت بھی کی

بقیہ	سحر	29

کسی کو حق نہیں ہوگا کہ حکومت کو بجلی بیچ سکے اور نہ حکومت خرید سکے گی، ملک میں بجلی پیدا کرنے والے اور استعمال کرنے والے آپس میں خود خرید وفروخت کریں گے، اس نظام کا اطلاق سب سے پہلے صنعتی یا بڑے صارفین پر ہوگا، نظام کو مزید شفاف بنانے سے صارفین کو کم قیمت بجلی میسر آسکے گی، عوام کو سستی بجلی کی فراہمی ترجیح ہے، آئندہ 5 سال میں 800 میگاواٹ بجلی کی نیلامی کی جائے گی

بقیہ	سحر	30

بنانے کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے، وزارت توانائی پاور ڈویژن نے شعبہ جاتی سطح پر ڈیٹا گورننس فریم ورک متعارف کرا دیا جبکہ معلومات کے معیار، تصدیق، تبادلے اور موثر استعمال کے لیے پاور سیکٹر ڈیٹا گورننس کونسل بھی قائم کر دی گئی ہے۔ توانائی کے شعبے میں اصلاحات کے ماہر اور ٹیکنالوجی انٹرپرینیور طلحہ خالد نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد پالیسی سازی، منصوبہ بندی، ریگولیشن، نگرانی اور سرمایہ کاری سے متعلق فیصلوں کے لیے قابل اعتماد، بروقت اور مربوط معلومات کی دستیابی کو یقینی بنانا ہے تاکہ بجلی کے شعبے میں فیصلہ سازی کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔

بقیہ	سحر	31

بھارتی خفیہ ایجنسی را، طالبان جنرل ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اور طالبان قیادت پر مشتمل نیٹ ورک 2025 میں قائم ہوا۔ طالبان انٹیلی جنس نے ہبت اللہ اخوندزادہ کی ہدایات پر فتنہ الہندوستان، فتنہ الخوارج اور دیگر دہشتگرد گروہوں کے روابط قائم کیے

بقیہ	سحر	32

حاصل کیا جا سکتا ہے، عوام کے حقِ خود ارادیت سے انکار اور سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عدم عملدرآمد کے حامل غیر ملکی تسلط کے حالات میں پائیدار امن قائم نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے یہ بات عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 21 ستمبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جا رہا ہے۔ صدرِ مملکت نے کہا کہ امن کا عالمی دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ پائیدار امن صرف مذاکرات، سفارت کاری، انصاف اور بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کے مکمل احترام کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کا موضوع ''امن میں سرمایہ کاری: ہر ایک کے لیے، ہر جگہ، ہر دن، ہمیں یاد دلاتا ہے کہ امن کے لیے ہر سطح پر مسلسل کوششوں کی ضرورت ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی امن وسلامتی اور اقوام متحدہ کے مرکزی کردار پر مبنی مضبوط، مؤثر اور جامع کثیر جہتی نظام کے لیے اپنے پختہ عزم پر کاربند ہے

بقیہ	سحر	33

گفتگو ہوئی۔ ملاقات میں جدت، مالیاتی شفافیت اور ڈیجیٹل معیشت کے مستقبل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ بلال بن ثاقب نے ٹمالی بیکر کو پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کے شعبے میں تیز رفتار پیش رفت پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر بلال بن ثاقب نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل اثاثوں کے شعبے میں ایک جدید اور مضبوط نظام تشکیل دے رہا ہے، مالیاتی نظام کے مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیجیٹل معیشت کی بنیاد رکھی جا رہی ہے۔ بلال بن ثاقب نے کہا کہ جدت اور مالیاتی شفافیت کے ساتھ پاکستان ڈیجیٹل اکانومی میں نئی سمت متعین کر رہا ہے۔

بقیہ	سحر	34

عوام کو ریلیف دیں، ورنہ احتجاج مزید بڑھے گا اور ایسا نہ ہو کہ یہ احتجاج حکومت گرا تحریک میں بدل جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں شوق نہیں کہ شدید گرمی میں احتجاج کریں، حکومت خود لوگوں کو احتجاج پر مجبور کر رہی ہے، وزرا آتے ہیں مگر عوام کو ریلیف نہیں دیتے۔ امیرِ جماعتِ اسلامی نے کہا کہ ہم اسلام آباد اپنے یا اپنی جماعت کے لیے نہیں بلکہ 25 کروڑ عوام کے لیے جا رہے ہیں، ہماری جدوجہد عوام کے لیے ہے، ہمارا پہلا پڑاؤ حیدرآباد میں ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ حکومت نے عالمی مارکیٹ کا بہانہ بنا کر پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا، حکومت اپنا کریڈٹ لے اور بھتہ ٹیکس ختم کرے۔ انہوں نے کہا کہ آئی پی پیز میں حکومت اور حکومت کے نمائندے موجود ہوتے ہیں، اگر ہم گھر بیٹھ کر برداشت کریں گے تو یہ مزید لوٹتے رہیں گے۔

بقیہ	سحر	35

ڈی کیٹ 2026 کا پرچہ جعلی ہے، امیدوار جعلی پرچوں اور گمراہ کن مواد پر اعتماد نہ کریں۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ایس ٹی ایس نے امیدواروں کو جعلی خبروں اور غیر مصدقہ مواد سے محتاط رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ امیدوار ایم ڈی کیٹ 2026 کی تیاری پر توجہ مرکوز رکھیں۔ ایس ٹی ایس کے مطابق امیدوار امتحانی مرکز پر مقررہ وقت پر پہنچیں، محنت اور تیاری ہی کامیابی کی بنیاد ہے۔

بقیہ	سحر	36

سمیت ایک ہی خاندان کے 5 افراد کی کئی روز پرانی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق لاشیں ڈاکٹر عمر، ان کی اہلیہ اور 3 بیٹیوں کی ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق پانچوں لاشیں عمارت کی ساتویں منزل پر واقع فلیٹ کے ایک کمرے سے ملیں، جو کئی روز پرانی ہیں۔ فلیٹ کے دروازے اندر سے بند تھے جبکہ متوفی ڈاکٹر عمر احسن آباد کے ایک اسپتال میں ملازمت کرتے اور گھر کے کفیل تھے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئی جبکہ کرائم سین یونٹ کو بھی طلب کر لیا گیا۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی اور لاشوں کو ضابطے کی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کیلئے عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ ایس ایس پی ایسٹ زبیر نذیر شیخ کے مطابق موت کی اصل وجہ پوسٹ مارٹم کے بعد ہی سامنے آئے گی، جبکہ واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس نے ابتدائی طور پر شبہ ظاہر کیا ہے کہ ممکنہ طور پر مرنے والے افراد نے خودکشی کی، تاہم اس حوالے سے حتمی طور پر کچھ کہنا قبل از وقت ہے

بقیہ	سحر	37

نے بانی کی صحت پر 20 فیصلے دیئے، ان فیصلوں پر کوئی عمل درآمد نہیں ہو رہا، ہائیکورٹ اپنے فیصلوں پر عمل کروائے۔ شفیع جان نے کہا کہ اسلام آباد ہائیکورٹ اپنی ساکھ اور وقار کو بحال کرے، عدالتی فیصلے پر ریویو پٹیشن کیلئے قانونی ٹیم مشاورت کر رہی ہے،

بقیہ	سحر	38

ہی مریم نواز کے مرہون منت ہے، لاہور کے بعد اب ملتان میں بھی کینسر کے مریضوں کا مفت علاج ہوگا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ملتان میں کینسر ٹریٹمنٹ کے لیے کوالیشن اور کینسر سینٹر کا افتتاح کر دیا ہے، جہاں ہر سطح کے کینسر کے مریضوں کا مفت علاج ہوگا، کینسر کے مریضوں کو علاج کے لیے لمبی لمبی تاریخیں نہیں دی جائیں گی

بقیہ	سحر	39

5 افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس نے بتایا کہ لاشیں میاں بیوی اور 3 بچوں کی ہیں اور پانچوں لاشیں کئی روز پرانی ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق تمام لاشوں کو تحویل میں لے کر اسپتال روانہ کر دیا گیا ہے اور معاملے کی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں۔ ایس ایس پی ایسٹ زبیر نذیر شیخ نے اس حوالے سے کہا کہ عمارت کی ساتویں منزل پر فلیٹ کے ایک کمرے سے لاشیں ملی ہیں جو کئی روز پرانی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ فلیٹ کے دروازے اندر سے بند تھے، مرنے والا شخص ڈاکٹر اور گھر کا کفیل تھا، لاشوں کو قانونی کارروائی کے بعد عباسی شہید اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، پوسٹ مارٹم کے بعد ہی موت کی اصل وجہ سامنے آئے گی، لاشوں کی شناخت اور واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ	سحر	40

گیا ہے۔ 7.3 میٹر چوڑی سڑک کے منصوبے میں 125 میٹر طویل فلائی اوور بھی شامل ہے، جو ایکسپریس وے سے براستہ ملیر ریور روڈ تعمیر کی جا رہی ہے۔ منصوبے کی تکمیل سے میمن گوٹھ اور ملحقہ علاقوں کا مرکزی شاہراہوں سے رابطہ بہتر ہوگا۔ وزیر بلدیات کو اسکیم 33 کے ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ میں بتایا گیا کہ چار بڑی سڑکوں کی تعمیر جاری ہے جبکہ مجموعی طور پر 24 کلومیٹر طویل دو رویہ سڑک کے منصوبے کی تخمینی لاگت 1987 ملین روپے ہے اور اس کا تقریباً 70 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ حکام کے مطابق منصوبہ مقررہ مدت سے پہلے مکمل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ اسکیم 33 میں زیر تعمیر سڑکوں کا نیٹ ورک ایم نائن موٹروے اور سپر بائی وے سے رابطہ بہتر بنائے گا۔ مہران روڈ سے لنک روڈ تک 10 میٹر چوڑی سڑک کے علاوہ مدراس روڈ، رومی روڈ اور سچل سرمست روڈ تا لنک روڈ کی تعمیر بھی جاری ہے۔ تھڈو نالہ کے مقام پر سڑک کے ساتھ پل بھی تعمیر کیا جا رہا ہے، جس سے علاقے میں آمدورفت کے مسائل کم ہوں گے۔

بقیہ	سحر	41

حکومتی معاملات کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھانا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی مرکز اور بلوچستان میں اتحادی جماعتیں ہیں، دونوں جماعتوں کے درمیان وزارتوں یا دیگر معاملات پر کوئی بڑا اختلاف نہیں، نہ ہی ایک دوسرے پر غیر ضروری دباؤ ڈالا جا رہا ہے

بقیہ	سحر	42

بیٹھنے سے روکنے کی مذمت کی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن یونین گزشتہ 20 سال سے اسی دفتر میں تنظیمی امور اور ملازمین کے حقوق سے متعلق سرگرمیاں انجام دے رہی ہے۔ یونین آفس پر تالہ لگانا اور منتخب نمائندوں کو تنظیمی فرائض کی انجام دہی سے روکنا مزدوروں کے بنیادی تنظیمی حقوق سے متصادم ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ کو عوامی خدمت اور ملازمین کے مسائل کے حل پر توجہ دینی چاہیے

بقیہ	سحر	43

راستہ بنانے کے لیے یہ مرمتی کام کیا جا رہا تھا جبکہ سیمی کریٹیکل یونٹ میں آمدورفت کے لیے نیا راستہ بنانے کی غرض سے لوہے کی گرل لگائی جا رہی تھی

بقیہ	سحر	44

پر تفصیلی تبادلہ خیال آئی ٹی اور ٹیکنالوجی کے شعبے سے وابستہ معروف کاروباری شخصیات اور ماہرین کی اہم ملاقات ہوئی، جس میں پاکستان کے ٹیکنالوجی شعبے، سافٹ ویئر ڈویلپمنٹ، موبائل ایپلیکیشنز، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت اور مستقبل کی ٹیکنالوجی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ	سحر	45

پڑیں۔ ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نعمان خالد خود ون ونڈو سسٹم کی نگرانی کریں گے تاکہ شہریوں کی درخواستوں اور شکایات پر بروقت کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہماری اولین ترجیح ہے اور اس پورے عمل کو م

ملک بھر سے کارکن اسلام آباد چل پڑے ہیں کوئی رکاوٹ ہمیں نہیں روک سکتی، حافظ نعیم الرحمٰن

حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں کراچی سے اسلام آباد لانگ مارچ کا آغاز، کارکن ٹرین کے ذریعے روانہ ہوئے، پیٹرولیم لیوی ختم نہ ہوئی تو احتجاج حکومت مخالف تحریک بن سکتا ہے

کراچی میں 35 روزہ دھرنا ختم، امیر جماعت اسلامی پاکستان، جماعت اسلامی تمام رکاوٹیں عبور کرتے ہوئے اسلام آباد پہنچے گی، گرفتاریاں کرنی ہیں تو حکومت یہ شوق بھی پورا کر کے دیکھ لے، منعم ظفر خان

کراچی (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے حکومت سے عوام کو فوری ریلیف دینے اور لیوی کا بھتہ ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ مطالبات تسلیم نہ کیے گئے تو احتجاج مزید بڑھے گا۔ حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں کراچی سے اسلام آباد لانگ مارچ کا آغاز ہوگیا، کارکن ٹرین کے ذریعے اسلام آباد روانہ ہوئے۔ کراچی کینٹ اسٹیشن پر روانگی سے قبل کارکنوں سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ملک بھر سے کارکن اسلام آباد چل پڑے ہیں، کوئی رکاوٹ ہمیں نہیں روک سکتی۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ حکمرانوں کے پاس ایک ہی راستہ ہے کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

پشاور: گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی پریس کانفرنس کرتے ہوئے

لاہور: بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنیں نورین نیازی اور عظمیٰ خانم میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

پمز اسپتال نرسری میں آتشزدگی کے بعد این آئی سی ایچ میں بھی نومولود بچوں کو سنگین خطرات لاحق

ایک ویڈیو فوٹیج میں ایک شخص کو این آئی سی ایچ کی نرسری کے اندر ویلڈنگ کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے، رپورٹ

جس وقت نرسری میں ویلڈنگ اور مرمتی کام کیا جارہا تھا، وہاں 80 سے 120 بچے زیر علاج تھے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد کے پمز اسپتال میں نرسری میں آتشزدگی کے المناک واقعے کے بعد کراچی کے قومی ادارہ برائے صحت اطفال (این آئی سی ایچ) میں بھی نومولود بچوں کی زندگیوں کو لاحق سنگین فائر سیفٹی خطرات کے باوجود نرسری کے اندر کھلے عام ویلڈنگ کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق موصول ہونے والی ویڈیو فوٹیج میں ایک شخص کو این آئی سی ایچ کی نرسری کے اندر ویلڈنگ کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے، جبکہ ویلڈنگ کے دوران متعدد نومولود بچے بیڈز پر موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق جس وقت نرسری میں ویلڈنگ اور مرمتی کام کیا جارہا تھا، وہاں 80 سے 120 بچے زیر علاج تھے، جن میں بیشتر نومولود بچے آکسیجن پر تھے تاہم شعبہ ایمرجنسی کی نرسری میں ہنگامی اخراج کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کی کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن یونین آفس پر تالے کی مذمت

کراچی / کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان لوکل گورنمنٹ ورکرز فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین سید ذوالفقار شاہ، صدر بلال احمد، جنرل سیکریٹری ملک نصیر الدین ہمایوں، صوبائی چیئرمین غلام نبی کاکڑ، جنرل سیکریٹری محمد عالم سموں، ممتاز حسین کولاچی، محمد یونس اور دیگر رہنماؤں نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے یونین آفس کو مبینہ طور پر زبردستی تالے لگانے اور یونین نمائندوں کو دفتر میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے (آج) پارلیمانی رہنماں کا اہم اجلاس طلب کر لیا

اسلام آباد کی جانب مارچ سمیت صوبے اور پارٹی سے متعلق دیگر اہم معاملات پر غور کیا جائے گا

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کل پارلیمانی رہنماں کا اہم اجلاس طلب کر لیا۔ اجلاس میں پارٹی قائدین، پارلیمانی رہنماں اور کابینہ ارکان کو شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں اسلام آباد کی جانب مارچ سمیت صوبے اور پارٹی سے متعلق دیگر اہم معاملات پر غور کیا جائے گا۔ دوسری جانب اجلاس میں اسلام آباد مارچ کی تاریخ، ممکنہ روٹ اور آئندہ کی حکمت عملی بھی زیر بحث آئے گی۔ مزید برآں اجلاس میں موجودہ سیاسی صورتحال اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے بھی مشاورت متوقع ہے۔

ایم ڈی کیٹ 2026 کا جعلی پرچہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے کا انکشاف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایم ڈی کیٹ 2026 کا جعلی پرچہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے کا انکشاف ہوا ہے۔ ایس ٹی ایس کے مطابق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والا ایم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

ہم پورا پاکستان بند کرنے کا پلان کر رہے ہیں، ہماری تیاری فول پروف ہے، شفیع جان

27 ستمبر سے 3 دن پہلے ہم بتائیں گے اسلام آباد میں کیا کرنا ہے، کہاں بیٹھنا ہے، وزیر اطلاعات کے پی کے

اسلام آباد ہائیکورٹ سے پوچھنا چاہیے آپ نے بانی کی صحت پر 20 فیصلے دیے، ان فیصلوں پر کوئی عمل درآمد نہیں ہو رہا

باقی صوبوں کے لوگوں کو ہم اسلام آباد کی طرف نہیں بلا رہے، کے پی کے قافلے کے لیے 4 پلان ہم نے بنائے ہیں

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات خیبر پختونخوا شفیع جان نے کہا ہے کہ ہم پورا پاکستان بند کرنے کا پلان کر رہے ہیں، ہماری تیاری فول پروف ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہم نے 2 سال میں احتجاج اور دھرنے کی کوئی بات نہیں کی، موجودہ وقت میں کوئی بھی بریک تھرو نہیں ہوسکتا، اب جو بھی ہوگا 27 ستمبر کے بعد ہو گا، ہماری توجہ 27 ستمبر کے مارچ پر ہے۔ وزیر اطلاعات کے پی شفیع جان نے کہا کہ 2 سال میں ہم نے مذاکرات کو بھی وقت دیا، وزیر اعظم اتنا بے بس ہے کہ اپوزیشن لیڈر سے ملاقات نہیں کر پا رہا، جب بھی ایسا موقع بنتا ہے تو حکومت پر خوف طاری ہو جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ان کے پاس عدالتی فیصلہ ہے تو ہمارے پاس آئین پاکستان ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ سے پوچھنا چاہیے آپ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

احسن آباد فلیٹ سے میاں بیوی اور 3 بچوں کی لاشیں برآمد، وزیر داخلہ سندھ اور آئی جی سندھ نے رپورٹ طلب کر لی

کراچی (بیورو رپورٹ) سائٹ سپر ہائی وے کے علاقے احسن آباد کے لاکھانی فلیٹس میں ایک فلیٹ سے میاں بیوی اور 3 بچوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

اسکیم 33 میں 24 کلومیٹر دو رویہ سڑک کا 70 فیصد کام مکمل، ناصر حسین شاہ

وزیر بلدیات سندھ کی ترقیاتی منصوبے مقررہ مدت سے پہلے مکمل کرنے کی ہدایت

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے اسکیم 33، ملیر میمن گوٹھ اور ملحقہ علاقوں میں جاری بڑے ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر کے سڑکوں کی تعمیر اور دیگر اسکیموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی جی کے ڈی اے زین العابدین انصاری اور متعلقہ حکام نے صوبائی وزیر کو منصوبوں کی لاگت، تکمیل کی مدت اور تعمیراتی پیش رفت پر بریفنگ دی۔ حکام نے بتایا کہ ملیر میمن گوٹھ میں 11.54 کلومیٹر طویل سڑک کی تعمیر جاری ہے، جس کی تخمینی لاگت 1428 ملین روپے ہے۔ منصوبے پر تعمیراتی کام فروری 2026ء میں شروع ہوا تھا اور اسے 24 ماہ میں مکمل کرنے کا ہدف مقرر کیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

آئی ٹی اور ٹیکنالوجی شعبے سے وابستہ ماہرین کی اہم ملاقات

بہاولنگر (بیورو رپورٹ) آئی ٹی اور ٹیکنالوجی شعبے سے وابستہ ماہرین کی اہم ملاقات، جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کے مستقبل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

ایکسائز راولپنڈی میں ون ونڈو سہولت کا باقاعدہ آغاز

نئے نظام کے تحت ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن دفتر کے استقبالیہ گیٹ پر خصوصی عملہ تعینات کر دیا گیا ہے

ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نعمان خالد خود ون ونڈو سسٹم کی نگرانی کریں گے

راولپنڈی (عباس ملک سے) ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن راولپنڈی نعمان خالد نے چارج سنبھالنے کے بعد وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے تحت شہریوں کو سرکاری امور میں سہولت فراہم کرنے کے لیے ون ونڈو سہولت کا باقاعدہ آغاز کر دیا ہے، جسے شہریوں کے لیے ایک اہم اور عملی قدم قرار دیا جا رہا ہے۔ نئے نظام کے تحت ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن دفتر کے استقبالیہ گیٹ پر خصوصی عملہ تعینات کر دیا گیا ہے، جو شہریوں سے ان کی درخواستیں وصول کرے گا اور متعلقہ مسئلے کو متعلقہ شعبے تک پہنچائے گا۔ کوشش کی جائے گی کہ شہری کی درخواست یا مسئلہ دو روز کے اندر حل کر دیا جائے تاکہ اسے بار بار دفتر کے چکر نہ لگانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

ڈیرہ اسماعیل خان، پی ٹی آئی کے جلسہ کی تیاریوں میں مصروف کارکنان پر نامعلوم افراد کا حملہ، موبائل چھین لئے، سامان کو آگ لگا دی

ڈیرہ اسماعیل خان (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈیرہ اسماعیل خان میں پی ٹی آئی کے جلسہ کی تیاریوں میں مصروف کارکنان پر 10 نامعلوم افراد نے حملہ کر کے موبائل فونز چھین لئے اور سامان کو آگ لگا دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق تھانہ کینٹ میں درج کرائی گئی رپورٹ مدعی رمضان مروت ولد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

ڈھائی، ڈھائی سال حکومت کا فارمولا طے پایا تھا، سرفراز بگٹی کو برقرار رہنا چاہیے، زرک مندوخیل

تبدیلی کے بجائے صوبے میں جاری حکومتی معاملات کو تسلسل کے ساتھ آگے بڑھانا ضروری ہے، رکن اسمبلی (ن) لیگ

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی زرک مندوخیل نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے درمیان وزارتِ اعلیٰ سمیت دیگر حکومتی معاملات پر ڈھائی، ڈھائی سال کا فارمولا طے ہوا تھا تاہم موجودہ حالات میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں اس لیے میری ذاتی رائے ہے کہ انہیں ہی اپنی ذمہ داریاں جاری رکھنی چاہیے۔ انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے زرک مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان میں اس وقت حالات خراب ہیں اور اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جاسکتا، ایسے حالات میں حکومت کی تبدیلی کے بجائے صوبے میں جاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

کچھ لوگوں کی سیاست ہی مریم نواز کے مرہون منت ہے، پنجاب میں کینسر کے مریضوں کا مفت علاج کیا جائے گا، عظمیٰ بخاری

ایک صوبے کا وزیر اعلیٰ در بدر ٹھوکریں کھانے کے بعد وفاق پر چڑھائی کی کوشش کر رہا ہے 27 ستمبر کو تیسری بغاوت کی پلاننگ ہو رہی

کینسر کے مریضوں کو علاج کے لیے لمبی لمبی تاریخیں نہیں دی جائیں گی، کینسر کے مریض کا علاج صرف 60 منٹ میں ہوگا، صوبائی وزیر

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جو لوگ کارکردگی میں مریم نواز سے مقابلہ نہیں کر سکتے وہ ذاتی حملے کر کے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، کچھ لوگوں کی سیاست (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

لاہور: تعطیل کے روز شہیر میو ہسپتال کے قریب سڑک کنارے لگے سٹالز سے گھریلو استعمال خرید رہے ہیں

کراچی، فلیٹ سے ڈاکٹر، اسکی بیوی اور 3 بچوں کی لاشیں برآمد

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں فلیٹ سے ایک ہی فیملی کے 5 افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ پولیس کے مطابق کراچی کے علاقے سائٹ احسن آباد میں فلیٹ سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

جنگ ستمبر کا 20 واں روز، پاکستان کی مسلح افواج کی میدان جنگ میں برتری برقرار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ستمبر 1965 کی جنگ کے 20 ویں روز پاکستان کی مسلح افواج نے میدان جنگ میں بھارتی افواج پر اپنی برتری برقرار رکھی۔ سیالکوٹ، جموں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

بلال اظہر کیانی کا بیوٹی فلیشن کے بعد جہلم کے مرکزی بازار کا افتتاح

انجمن تاجران اور جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور انتظامیہ کی مشاورت سے آئندہ بھی شہریوں اور دکانداروں کے مسائل حل کرتے رہیں گے، وزیر مملکت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے بیوٹی فلیشن کے بعد جہلم مرکزی بازار کا افتتاح کر دیا، انہوں نے جہلم کی سیاسی و پارٹی شخصیات، تاجر اور چیمبر کے نمائندوں، دکانداروں اور عوام کی بڑی تعداد کے ہمراہ جہلم مرکزی بازار کی بیوٹی فلیشن کی افتتاحی تختی کی نقاب کشائی کی۔ وزارت خزانہ کی جانب سے اتوار کو یہاں جاری اعلامیہ کے مطابق اس موقع پر انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اظہار تشکر کیا، جنہوں نے جہلم کے قدیمی و تاریخی بازار کو نئی شکل دی، سیوریج اور دیر سہولیات فراہم کر کے دکانداروں اور شہریوں کو سہولت دی۔ بلال اظہر کیانی نے عوامی اجتماع سے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین چینی قونصل جنرل سن یان کے ہمراہ قومی دن کی مناسبت سے تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

آئی ٹی سی این ایشیاء کا 28 واں ایڈیشن (کل) سے شروع ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان کی معروف بین الاقوامی ٹیکنالوجی نمائش آئی ٹی سی این ایشیاء کا اٹھائیسواں ایڈیشن کل (منگل) سے کراچی میں منعقد ہوگا، 28 ویں آئی ٹی سی این ایشیاء 2026 پاکستان کے آئی ٹی شعبے میں جدیدیت، سرمایہ کاری اور کاروباری مواقع کا نیا باب رقم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

اسلام آباد، جعلی سرکاری مہروں اور پوسٹل اسٹیکرز کے ذریعے کاغذات کی تصدیق کا نیٹ ورک پکڑا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں جعلی سرکاری مہروں اور پوسٹل اسٹیکرز کے ذریعے کاغذات کی تصدیق کا نیٹ ورک پکڑا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

لاہور: لاہور چیمبر کے صدارتی امیدوار علی حسام اصغر مختلف تجارتی مراکز کے تاجروں کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیے سے خطاب کر رہے ہیں

چھوٹے صوبے بنائیں لیکن درست وقت طریق کار آئینی و جمہوری ہونا چاہیے، خواجہ سعد رفیق

سنگین مسائل کے حل کی بجائے چھوٹے صوبوں کی تشکیل کو اولیت دینا غیر دانشمندانہ اقدام ہوگا، سینئر رہنما ن لیگ

گورننس کی بہتری کیلئے آئینی تحفظ کے ساتھ این ایف سی طرز پر صوبائی فنانس کمیشن بنایا جائے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ چھوٹے صوبے بنائیں لیکن اس کیلئے درست وقت اور طریق کار آئینی و جمہوری ہونا چاہیے، دہشتگردی، سیاسی انارکی اور معاشی بدحالی کی آگ میں جلتے ہوئے پاکستان میں یہ مہیب مسائل حل کرنے کی بجائے چھوٹے صوبوں کی تشکیل کو اولیت دینا غیر دانشمندانہ اقدام ہوگا اور اس وقت ایسا کرنا سیاسی نفرت، تلخی اور خلیج بڑھا دے گا۔ اپنے بیان میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ گورننس کو بہتر کرنا ہے تو سب سے پہلے آئینی تحفظ کے ساتھ این ایف سی طرز پر صوبائی فنانس کمشن بنائیں، بااختیار مقامی حکومتوں کا نظام لائیں، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

رہائش دینے کے بہانے نشہ آور شے پلا کر خاتون سے اجتماعی زیادتی

شہری عامر اپنی بیوی کے ہمراہ عارضی طور پر رہائش کیلئے ملزم سلمان کے پاس گیا تھا، پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور میں رہائش دینے کے بہانے نشہ آور شے پلا کر خاتون سے اجتماعی زیادتی کا واقعہ پیش آیا ہے، پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان گرفتار کر لیے۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق تھانہ سول لائنز پولیس کی جانب سے گرفتار کئے گئے ملزمان میں سلمان اور جاوید شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق شہری عامر اپنی بیوی کے ہمراہ عارضی طور پر رہائش کے لیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

سعودی عرب کے 96 ویں قومی دن (یوم الوطنی) کی مناسبت سے جدہ کے ساحل پر منعقد ہونے والے شاندار فضائی شو کے مناظر

جدہ کے آسمان پر ''سعودی فالکنز'' کا راج

96 ویں قومی دن پر شاندار ایئر شو نے شہریوں کے دل جیت لیے

جدہ (احسان الحق مغل سے) سعودی عرب کے 96 ویں قومی دن (یوم الوطنی) کی مناسبت سے جدہ کے ساحل پر منعقد ہونے والے شاندار فضائی شو نے ہزاروں شہریوں اور غیر ملکیوں کو اپنے سحر میں جکڑ لیا۔ سعودی رائل ایئر فورس کی جانب سے پیش کیے جانے والے اس مظاہرے کو دیکھنے کے لیے جدہ کورنیش پر واقع روشن واٹر فرنٹ پر جوش و خروش کا ایک سمندر امڈ آیا۔ جیسے ہی رائل سعودی ایئر فورس کے جدید ترین جنگی طیاروں اور مشہور "سعودی فالکنز" کی ٹیم نے فضا میں اڑان بھری، پورا ساحل تالیوں اور نعروں سے گونج اٹھا۔ طیاروں نے فضا میں دلکش فارمیشنز بنائیں اور سبز اور سفید رنگ کا دھواں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

ایم ڈی کیٹ کے ٹیسٹ کا انعقاد، سکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کئے گئے

ملک کے 34 شہروں اور سعودی عرب کے شہر ریاض میں امتحانی مراکز قائم کیے گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملک بھر میں ایم ڈی کیٹ 2026 کا ٹیسٹ ہوا جس کے لئے مجموعی طور پر ایک لاکھ 38 ہزار 158 امیدواروں نے رجسٹریشن کرائی تھی۔ پی ایم ڈی سی کے مطابق ایم ڈی کیٹ کے لیے ملک کے 34 شہروں اور سعودی عرب کے شہر ریاض میں امتحانی مراکز قائم کیے گئے۔ پنجاب کے میڈیکل کالجز کے لیے 49 ہزار 199، خیبر پختونخواہ میں 38 ہزار 841 اور سندھ میں 34 ہزار 233، بلوچستان میں 9 ہزار 923، آزاد کشمیر میں 2 ہزار 761 اور گلگت بلتستان میں ایک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

کوہاٹ، پرانا پولیس لائنز میں خودکش حملے کا مقدمہ تھانہ سی ٹی ڈی میں درج

مقدمہ ایس ایچ او تھانہ سٹی کوہاٹ کی مدعیت میں نامعلوم دہشت گردوں کے خلاف درج کیا گیا

پشاور (بیورو رپورٹ) کوہاٹ کے پرانا پولیس لائنز میں ہونے والے خودکش حملے کا مقدمہ تھانہ سی ٹی ڈی میں درج کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقدمہ ایس ایچ او تھانہ سٹی کوہاٹ کی مدعیت میں نامعلوم دہشت گردوں کے خلاف درج کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں دہشت گردی، قتل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

لاہور سے کراچی جانے والی قراقرم ایکسپریس منسوخ، مسافروں کو پاک بزنس ایکسپریس، کراچی ایکسپریس میں اکاموڈیٹ کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور سے کراچی جانے والی قراقرم ایکسپریس کو منسوخ کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق قراقرم کے مسافروں کو پاک بزنس ایکسپریس اور کراچی ایکسپریس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

راجہ طارق کیانی کی بیرسٹر امجد ملک سے ملاقات، ندیم ملک، عبد القادر کے انتقال پر فاتحہ خوانی کی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایٹی نارکاٹکس فورس کے قانونی امور کے ڈائریکٹر راجہ طارق محمود کیانی نے صوبائی وزیر و وائس چیئرمین اوورسیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک سے ملاقات کر کے ان کے عزیز ندیم ملک اور نوجوان پائلٹ عبدالقادر کی رحلت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

گندم کے تصدیق شدہ بیج کی ارزاں نرخوں پر فراہمی یقینی بنائی جائیگی، پنجاب سیڈ کارپوریشن

لاہور (سٹاف رپورٹر) ترجمان پنجاب سیڈ کارپوریشن نے کہا ہے کہ صوبے کے کاشتکاروں کو معیاری اور تصدیق شدہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

خیبر پختونخوا سے اسلام آباد آنے والی شاہراہوں پر خندقیں کھودنے کا فیصلہ

پولیس نے اسلام آباد آنے والوں مظاہرین روکنے کیلیے حکمت عملی تیار کر لی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے پیش نظر وفاقی پولیس نے خیبر پختونخوا سے اسلام آباد آنے والوں مظاہرین روکنے کیلیے حکمت عملی تیار کر لی۔ ذرائع کے مطابق سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے پیش نظر خیبر پختونخوا سے وفاق آنے والے راستوں کے سروے کے بعد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

بجلی کے بل کے ذریعے اسٹیل صنعت سے سیلز ٹیکس وصولی پر تشویش کا اظہار

ٹیکس وصولی کے ساتھ صنعت کے کیش فلو اور ورکنگ کیپیٹل کو بھی مدنظر رکھا جائے

پالیسی پر نظر ثانی، یکساں طریقہ کار وضع کیا جائے، عابد حفیظ عابد، بابر زمان خان، الیاس ملک

لاہور (سٹاف رپورٹر) بجلی کے بل کے ذریعے اسٹیل میلٹرز، ری رولنگ ملز اور کمپوزٹ یونٹس سے سیلز ٹیکس کی وصولی ظلم اور ناانصافی ہے، ایس آر او 1245 فوری واپس لیا جائے، چار مخصوص کسٹم کوڈز کے تحت درآمد کرنے والے 36 افراد یا اداروں کو دی گئی مبینہ سہولتوں کی پالیسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

شام میں ادارہ جاتی و عسکری اصلاحات خوش آئند ہیں، اسرائیلی مداخلت اس عمل کو پٹڑی سے اتار سکتی ہے، پاکستانی مندوب

اسرائیل کی مسلسل عسکری سرگرمیاں اور شامی سرزمین پر موجودگی اس کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی ہے، عثمان جدون کا خطاب

شام کی خودمختاری، آزادی، اتحاد اور علاقائی سالمیت کا مکمل احترام کیا جانا چاہیے، ہم شامی سرزمین میں حالیہ اسرائیلی دراندازی کی شدید مذمت کرتے ہیں

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے شام میں ادارہ جاتی و عسکری اصلاحات کو سراہتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ بیرونی اقدامات بالخصوص اسرائیلی عسکری مداخلت شام میں اقتدار کی عبوری منتقلی کے نازک عمل کو پٹڑی سے اتار سکتی ہے۔ یہ بات اقوام متحدہ میں پاکستان کے نائب مستقبل مندوب سفیر عثمان جدون نے سلامتی کونسل میں شام کی صورتحال بارے خصوصی بحث کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل کی مسلسل عسکری سرگرمیاں اور شامی سرزمین پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

لاہور چیمبر کے صدر فہیم سہگل اور غیر ملکی سفیر کے ہمراہ گروپ فوٹو

دنیا میں سالانہ 2.1 ارب ٹن بلدیاتی کچرا پیدا ہوتا ہے

کچرے کو سنبھالنے، تلف کرنے پر 2050 تک اخراجات بڑھ کر 640.3 ارب ڈالر تک پہنچ جائینگے

پاکستان میں سالانہ 48.5 ملین ٹن کچرا پیدا ہوتا ہے، ہر سال 2.4 فیصد اضافہ ہو رہا ہے، رپورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایک رپورٹ کے مطابق دنیا میں سالانہ 2.1 ارب ٹن بلدیاتی کچرا پیدا ہوتا ہے اور اگر اس کی روک تھام کیلئے سنجیدہ اقدامات نہیں کئے گئے تو 2050 تک اس کی شرح 3.8 ارب ٹن تک چلی جائے گی۔ رپورٹ کے طابق اس کچرے کو سنبھالنے اور اس کو محفوظ طریقے سے تلف کرنے کیلئے 250 ارب ڈالرز کا خرچہ آتا تھا لیکن اب چونکہ کچرا بھی سالانہ بڑھ رہا ہے تو اخراجات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ رپورٹ کے اندازے کے مطابق 2050 تک یہی اخراجات بڑھ کر 640.3 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

پاک چین دوستی ہر آزمائش میں پوری اترنے والی لازوال دوستی ہے، بلال یاسین

پاکستان چین کے ساتھ مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کی چین کے قومی دن کی تقریب میں خصوصی شرکت

لاہور (سٹاف رپورٹر) چین کے 77 ویں قومی دن کی مناسبت سے لاہور کے مقامی ہوٹل میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں صوبائی وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین نے خصوصی شرکت کی۔ چینی قونصل جنرل مسٹر سن یان، چن چانونگ اور چیئرمین پاک چائنہ بزنس ایسوسی ایشن نے صوبائی وزیر بلال یاسین کا خیر مقدم کیا۔ صوبائی وزیر نے قومی دن کی مناسبت سے کیک کاٹا۔ اس موقع پر چینی ثقافتی رقص بھی پیش کیا گیا۔ تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین نے پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ دوستانہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک چین دوستی ہر آزمائش میں پوری اترنے والی لازوال دوستی ہے۔ بلال یاسین نے واضح کیا کہ پاکستان اور چین کے درمیان باہمی احترام، تعاون اور مشترکہ مفادات پر مبنی مضبوط تعلقات قائم ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان دوستی کئی دہائیوں پر محیط ہے اور عوامی سطح پر بھی دونوں ممالک کے عوام کے درمیان مضبوط (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

برآمدی صنعتوں کی ایسوسی ایشنز برآمدات کی ترقی کیلئے کوشاں، حکومتی گرانٹس کا دائرہ وسیع کیا جائے، اعجاز الرحمٰن

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرپرسن کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اعجاز الرحمٰن نے کہا ہے کہ برآمدات میں اضافے، نئی عالمی منڈیوں تک رسائی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور صنعتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے اپنے صوبے کو نظر انداز کیا ہوا ہے، لاہور آ کر سرکس لگائی، چیئرپرسن ویمن پروٹیکشن اتھارٹی

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرپرسن ویمن پروٹیکشن اتھارٹی پنجاب حنا پرویز بٹ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی احتجاج کرنا چاہتی ہے تو آبنائے ہرمز یا باب المندب جا کر احتجاج کرے اور اسے کھلوائے تاکہ پیٹرول سستا ہو، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے اپنے صوبے کے عوام کو نظر انداز کیا ہوا ہے اور لاہور آ کر ایک سرکس لگائی تاہم لاہور کے عوام نے انہیں مسترد کر دیا۔ ایک انٹرویو میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

شہباز شریف کو براہ راست مذاکراتی عمل میں شامل ہونا ہوگا، لیاقت بلوچ

لاہور (سٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کی کمیٹیوں کے درمیان مذاکرات کے پانچ ادوار ہوئے تاہم حکومتی کمیٹی ان مذاکرات میں کوئی ٹھوس تجویز پیش نہیں کر سکی، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

خط غربت سے نیچے جانے والوں کی تعداد بڑھ رہی ہے، پبلک ایکشن فورم

پٹرولیم لیوی بارے تفصیلات پارلیمنٹ، عوام کے سامنے پیش کی جائیں، چیئرمین آصف سلیم

لاہور (کامرس رپورٹر) پبلک ایکشن فورم پاکستان کے چیئرمین آصف سلیم مٹھا نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری ٹیکسز عوام پر مسلسل اضافی مالی بوجھ کا باعث بن رہے ہیں، پٹرولیم لیوی کو محض حکومتی آمدن کا ذریعہ بنانے کے بجائے اس کے عوام اور معیشت پر پڑنے والے اثرات کا بھی جائزہ لیا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومت نے عوام کو اضافی مالی بوجھ کے لیے آسان ہدف بنا لیا ہے جو قابل تشویش ہے۔ پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے لیے رائج طریقہ کار دنیا کے دیگر ممالک سے مختلف ہے اس لیے پٹرولیم لیوی کے حوالے سے پارلیمنٹ اور عوام کے سامنے مکمل تفصیلات پیش کی جائیں۔ آصف سلیم مٹھا نے کہا کہ پاکستان میں خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والی آبادی کی شرح مالی سال 2025 میں تقریباً 22.2 فیصد رہی جس میں اب